باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت وزارت اطلاعات ونشریات حکومت پاکستان ABC CERTIFIED

روزنامہ آئینہ کوئٹہ

Daily AAINA Quetta

قیمت 5 روپے

بانی: منصور الہدیٰ عباسی

ریذیڈنٹ ایڈیٹر: فہیم الزمان ملاخیل

چیف ایڈیٹر عامر امیر اعوان

ایڈیٹر فیصل کریم

03332831889 ✻ Daily.aaina94@gmail.com

جلد نمبر 30 | بروز سوموار 29 جون 2026ء 1447ھ ہجری | قیمت 05 روپے | شمارہ نمبر 173

پاکستان مخالف گمراہ کن پروپیگنڈا کرنیوالوں سے کوئی رعایت نہیں ہوگی، احسن اقبال

پاکستان کو معرکہ حق اور معرکہ سفارت کاری میں کامیابی ملی، مضبوط معیشت کیلئے ملک کو انتشار، فساد اور بے یقینی سے بچانا ہوگا

وزیراعظم کی ہدایت پر بجٹ میں برآمدات کیلئے خصوصی مراعات دی گئیں، آزاد جموں و کشمیر انتخابات میں مسلم لیگ ن بھرپور کامیابی حاصل کرے گی۔

شکرگڑھ (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان مخالف گمراہ کن پروپیگنڈا کرنیوالوں سے کوئی رعایت نہیں ہوگی۔ شکرگڑھ میں گفتگو کرتے ہوئے احسن اقبال کا کہنا تھا کہ ملکی مفاد کے مخالفین کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ کچھ عناصر پاکستان کے خلاف بھارت سے بھی زیادہ زہریلا پراپیگنڈا کر رہے ہیں، یہ مسترد شدہ عناصر افواج اور ریاست کے خلاف گمراہ کن مہم چلا رہے ہیں،

بقیہ 1 صفحہ 3 پر

دہشتگرد عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوسکتے، یاز صادق

کراچی میں رینجرز کے دفتر پر دہشتگرد حملہ ملک دشمن عناصر کی مذموم سازش ہے، شہدا کی قربانیاں قوم کے عزم کو مزید مضبوط بناتی ہیں

ملک میں امن، استحکام اور قانون کی بالادستی کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا، قوم اپنے بہادر سکیورٹی اداروں کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑی ہے

اسلام آباد (جی این ایم) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کراچی میں رینجرز کے کیمپ پر دہشتگرد حملہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کراچی میں رینجرز کے دفتر پر دہشتگرد حملہ ملک دشمن عناصر کی مذموم سازش ہے، دہشت گرد عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری بیان میں سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے دہشتگرد حملہ ناکام

بقیہ 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جمعیت علما اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کر رہے ہیں

پنجرے کے جوان پوری قوم کا فخر ہیں، صدر، وزیراعظم

وطن کے دفاع میں دی جانے والی یہ عظیم قربانیاں قوم کے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں اور دہشت گردی کے خلاف جنگ منطقی انجام تک جاری رہے گی، آرمی چیف

بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر اپنے ناپاک عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، رینجرز کے جوان پوری قوم کا فخر ہیں اور دہشت گردی کے ناسور کو ہر قیمت پر جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے گا، صدر مملکت / وزیراعظم / وفاقی وزیر داخلہ

کراچی / اسلام آباد (این این آئی) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے کہا ہے کہ کراچی کے یونیورسٹی روڈ پر واقع پاکستان رینجرز (سندھ) کے کیمپ پر بھارتی حمایت یافتہ کالعدم تنظیم جماعت الاحرار سے تعلق رکھنے والے

بقیہ 3 صفحہ 3 پر

امریکہ کے ایران پر نئے حملے، ایران، کویت اور بحرین میں امریکی اہداف پر جوابی حملے

تازہ حملوں میں فوجی ساز و سامان، مواصلاتی نظام، فضائی دفاعی تنصیبات اور ڈرون ذخیرہ کرنے کے مراکز کو نشانہ بنایا گیا

میزائل داغے، مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی اہلکاروں کے جانی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں، حملے میں امریکی تنصیبات کو کسی بڑے نقصان کی بھی کوئی اطلاع نہیں

واشنگٹن، تہران) جی این ایم (امریکہ نے آبنائے ہرمز میں ہفتے کے روز پاناما کے پرچم بردار جہاز پر ڈرون حملے کے بعد ایران پر نئے حملے کیے ہیں جس کے جواب میں پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ کویت اور بحرین میں امریکہ کے آٹھ فوجی اڈوں پر میزائلوں اور ڈرونز کے ذریعے حملے کیے گئے ہیں۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی سینٹرل کمانڈ) سینٹکام (کا کہنا ہے کہ اس

بقیہ 5 صفحہ 3 پر

اسلام آباد، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان جمعیت علما اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کر رہے ہیں

مودی کی دیگر مذاہب کیلئے بڑھتی ہوئی نفرت؛ مغربی بنگال میں مسلمانوں کی زندگی اجیرن

مودی شناختی کاغذات پھاڑ کر مسلمانوں کو بندوق کے زور پر بھارت سے باہر نکال رہا ہے، امریکی تحقیقاتی ادارہ

نئی دہلی (بی پی آئی) بھارت کی دوسری بڑی مسلم آبادی والی ریاست مغربی بنگال میں بھی انتہا پسند بی جے پی کا راج چلنے لگا ہے۔ مودی حکومت بنگالی مسلمانوں کو بغیر جرم کے زبردستی ملک سے باہر نکالنے کیلئے بدترین پالیسیوں پر اتر آئی۔ امریکی تحقیقاتی ادارہ ہیومن رائٹس ریسرچ سینٹر کے مطابق مودی کی ڈیٹیکٹ ڈیلیٹ ڈیپورٹ پالیسی

بقیہ 4 صفحہ 3 پر

خاران میں پیرینٹنگ منتھ کے سلسلے میں سیمینار اور واک، بچوں کی متوازن پرورش اور غذائیت پر زور

محبت، توجہ اور بہتر اخلاقی تربیت ہی کامیاب شخصیت کی ضامن ہیں، محکمہ صحت کے افسران اور نیوٹریشن ماہرین کا خطاب

کوئٹہ (بی پی آئی) بلوچستان نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ نے یونیسیف (UNICEF) کے تعاون سے 'پیرینٹنگ منتھ' کے سلسلے میں خاران میں ایک خصوصی سیمینار اور آگاہی واک کا انعقاد کیا، جس کا بنیادی مقصد والدین میں بچوں کی متوازن پرورش، صحت مند غذائیت اور مثبت تربیت کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا تھا۔ اس معلوماتی تقریب میں ڈپٹی ڈی ایچ او خاران ڈاکٹر چاکر انور، ڈسٹرکٹ منیجر بی پی ایچ آئی نور احمد کہدانی،

بقیہ 6 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سے کراچی جانے والی فیملی پر حملے کا سخت نوٹس، وزیر داخلہ نے فوری رپورٹ طلب کر لی

معصوم بچوں کے سامنے والد کو شہید کرنا بزدلی ہے، ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا، وزیر داخلہ بلوچستان

کوئٹہ (بی پی آئی) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کوئٹہ سے کراچی جانے والی ایک فیملی پر ہونے والے حملے کے افسوسناک واقعے کا سخت نوٹس لے لیا ہے۔ انہوں نے واقعے کی فوری رپورٹ طلب کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ذمہ داروں کے خلاف سخت ترین قانونی کارروائی کا حکم جاری کیا ہے۔ وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے اپنے مذمتی بیان میں کہا کہ معصوم اور بے گناہ افراد کو اس طرح نشانہ بنانا انسانیت نہیں ہے، اور معصوم بچوں

بقیہ 11 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سے اے ایس ایف انسپکٹر دوست سمیت مبینہ طور پر اغوا

کوئٹہ (بی پی آئی) ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس (اے ایس ایف) کے ایک انسپکٹر سمیت دو افراد کو مبینہ طور پر اغوا کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق مغوی انسپکٹر کی شناخت زبیر احمد کے نام سے ہوئی ہے، جو

بقیہ 7 صفحہ 3 پر

کالعدم جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے مرکزی اراکین فیصل گیلانی اور خواجہ انیس کا لاتعلقی کا اعلان

پاکستان اور ریاستی اداروں کیخلاف کسی بھی قسم کا بیان ناقابل برداشت ہے، خواجہ انیس کا بیان

مظفر آباد (بی پی آئی) بیرونی ایماء پر آزاد جموں و کشمیر میں انتشار پھیلانے والی کالعدم تنظیم کے اپنے اراکین فیصل گیلانی اور خواجہ انیس نے بھی لاتعلقی کا اعلان کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق مرکزی اراکین فیصل گیلانی اور خواجہ انیس نے ویڈیو پیغام میں آزاد جموں و کشمیر کے نوجوانوں سے کالعدم کمیٹی کے انتشار کو مسترد کرنے کی اپیل کی

بقیہ 8 صفحہ 3 پر

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی کراچی میں رینجرز کیمپ پر حملے کی مذمت

ملک کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی ہر مذموم کوشش کو ناکام بنایا جائے گا، یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (بی پی آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کراچی میں رینجرز کے کیمپ آفس پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی ہر مذموم کوشش کو ناکام بنایا جائے گا۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کی جانب سے اتوار کو جاری اپنے بیان میں چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ ملک کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی ہر مذموم کوشش کو ناکام بنایا جائے گا۔ انہوں نے

بقیہ 9 صفحہ 3 پر

قومی خزانے پر سینکڑوں ارب روپے کے اضافی بوجھ کا خدشہ ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

کوئٹہ (بی پی آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ داسو ہائیڈرو پاور، دیامر بھاشا ڈیم اور نیلم جہلم ہائیڈرو پاور منصوبوں میں ناقص منصوبہ بندی، مالی

بقیہ 10 صفحہ 3 پر

مودی شناختی کاغذات پھاڑ کر مسلمانوں کو بندوق کے زور پر بھارت سے باہر نکال رہا ہے، امریکی تحقیقاتی ادارہ

کراچی میں رینجرز کیمپ پر دہشت گردوں کا حملہ قابل مذمت ہے، چوہدری نعیم کریم

کوئٹہ (بی پی آئی) پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن و مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کراچی میں رینجرز کیمپ پر دہشت گردوں کے حملے کی مذمت کرتے

بقیہ 13 صفحہ 3 پر

ہمارے جائز مطالبات پر کوئی سنجیدہ پیش رفت کی گئی ہے، پی ایم اے

کوئٹہ (بی پی آئی) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کوئٹہ زون کے ترجمان نے کہا ہے کہ پی ایم اے کوئٹہ زون اس امر پر شدید تشویش اور افسوس کا اظہار کرتی ہے کہ خاتون ڈاکٹر پر ہونے والے

بقیہ 16 صفحہ 3 پر

وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کی نورزئی ہاس آمد، شہید تاجر ہاشم خان کے لواحقین سے تعزیت

واقعے میں ملوث عناصر قانون کی گرفت سے بچ نہیں سکتے، ملزمان کی گرفتاری کی ہدایت، میر ضیاء اللہ لانگو

کوئٹہ (بی پی آئی) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے شہید معروف تاجر ہاشم خان نورزئی کے گھر (نورزئی ہاوس) آمد کی، جہاں انہوں نے شہید کے لواحقین اور عزیز و اقارب سے ملاقات کی۔ اس موقع پر وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا اور شہید کے درجات کی بلندی کے لیے فاتحہ خوانی کی۔ انہوں

بقیہ 14 صفحہ 3 پر

دشت میں خاندان پر حملے کی مذمت، دہشت گردوں کو انجام تک پہنچائیں گے، بابر یوسفزئی

انسانی حقوق کی تنظیمیں بتائیں ان معصوم بچوں کا کیا قصور تھا، معاون خصوصی داخلہ کا سوال

کوئٹہ (بی پی آئی) معاون خصوصی برائے داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے اپنے ایک ویڈیو پیغام میں کہا ہے کہ کل ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا جس میں کوئٹہ سے کراچی سفر کرنے والے ایک خاندان کو نشانہ بنایا گیا۔ یہ خاندان کوئٹہ سے کراچی جا رہا تھا کہ راستہ بھٹک جانے یا مبینہ طور پر گوگل میپس کی غلط رہنمائی کے باعث دشت کے علاقے کھنڈ پہنچ گیا فتنہ الہندوستان پی ایل اے کے دہشت گردوں نے خاندان کی گاڑی پر حملہ کیا، جس

بقیہ 15 صفحہ 3 پر

پیٹرول قیمتوں پر ہم نے عالمی منڈی سے زیادہ فائدہ عوام کو دیا، علی پرویز ملک

کچھ عناصر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں پر لوگوں کو گمراہ کر رہے ہیں، عالمی معاہدوں پر رہتے ہوئے آگے چلیں گے

آج اس خطے میں امن ہو گیا، ایران امریکا جنگ کا خاتمہ ہوا، جس کے بعد اب عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی آئی ہے

لاہور) جی این ایم (وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ گزشتہ ہفتے پیٹرول کی قیمت جتنی قیمت کم ہوئی اس سے بڑھ کر ریلیف دیا گیا، بعض عناصر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں پر لوگوں کو گمراہ کر رہے ہیں۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی پرویز ملک نے کہا کہ اللہ کے فضل سے محرم الحرام کا پہلا عشرہ بخیریت گزر گیا، امن و امان کیلئے پاک فوج، وزیراعظم اور وزیراعلیٰ

بقیہ 21 صفحہ 3 پر

خاران پولیس کی کامیاب کارروائی، 9 ایم ایم پستول سمیت ملزم گرفتار

ملزم برکت سرمستانی سے تفتیش جاری، مفرور شریک جرم عقیل کی گرفتاری کے لیے پولیس کے چھاپے

خاران (بی پی آئی) خاران پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے ایک کامیاب کارروائی کے دوران ملزم برکت ولد گل محمد ذات سرمستانی کو گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق، گرفتار ملزم کے قبضے سے ایک غیر قانونی 9 ایم ایم (9mm) پستول برآمد کر لیا گیا ہے۔ ملزم برکت سرمستانی خاران کے علاقے غازی میں کل رات پیش آنے والے موٹر سائیکل چھیننے کے ایک سنگین واقعے کے سلسلے میں درج کی گئی ایف آئی آر (FIR) میں باقاعدہ نامزد ہے۔ خاران پولیس کے مطابق، واردات میں ملوث اس کا شریک ملزم عقیل موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا تھا جو اب بھی مفرور ہے۔ پولیس

بقیہ 23 صفحہ 3 پر

سیکیورٹی پر اربوں روپے خرچ کرنے کے باوجود عوام غیر محفوظ ہیں، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

فورسز اور ادارے نااہلی کے ذمہ دار، صرف مذمت اور جھوٹے وعدوں سے مسائل حل نہیں ہوں گے، امیر جماعت اسلامی

گوادر) جی این ایم (امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے گوادر اور کراچی میں مختلف وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے بلوچستان کی موجودہ سیکیورٹی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو مقتل گاہ اور نوگو ایریا بنا کر خوف و دہشت کا ماحول قائم کر دیا گیا ہے، جہاں روزانہ دل دہلا دینے والے قتل و غارت گری کے بڑے واقعات ہو رہے ہیں۔ اب صوبے میں نہ تاجر محفوظ ہیں، نہ سیاح، مسافر، کوئٹے کے ٹرک، مسافر کوچز، طلبا، سیاسی ورکرز اور نہ ہی تبلیغی جماعت

بقیہ 24 صفحہ 3 پر

خلیجی ممالک بیرونی مداخلت کے بغیر سکیورٹی فریم ورک تشکیل دیں: ایران

بغداد (بی پی آئی) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ لبنان سے اسرائیل کا انخلا اور حملے روکنا مفاہمتی یادداشت کے تحت امریکہ کی ذمہ داری ہے۔ ایران کے وزیر خارجہ

بقیہ 22 صفحہ 3 پر

امریکی ثالثی میں ہونیوالے معاہدے سے لبنانی علاقے اسرائیل میں ضم ہونیکا خدشہ

بیروت (بی پی آئی) حزب اللہ نے امریکی ثالثی میں لبنان اور اسرائیل کے درمیان ہونے والا معاہدہ مسترد کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق حزب اللہ کے سیکرٹری جنرل شیخ نعیم قاسم نے ایک بیان میں کہا امریکی ثالثی میں طے پانے والا فریم ورک معاہدہ لبنان کی خودمختاری کے خلاف ہے۔ یہ معاہدہ لبنان پر اسرائیلی قبضے کو قانونی جواز فراہم کرنے کی کوشش ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس

بقیہ 25 صفحہ 3 پر

کراچی: رینجرز آفس پر دہشت گردانہ حملے کے بعد، رینجرز کے اہلکار جائے وقوعہ کے قریب گشت کر رہے ہیں

پاکستان اور ایران کے درمیان دوطرفہ تجارت بڑھانے کی جانب اہم پیش رفت

ریل کے ذریعے تجارتی سامان کی نقل و حمل آسان اور اخراجات کم ہوں گے، دوطرفہ تجارت 5 ارب ڈالر تک بڑھانے کا عزم

تفتان (بی پی آئی) پاکستان اور ایران کے درمیان دوطرفہ تجارت بڑھانے کی جانب اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو ایف بی آر نے تفتان بارڈر ریلوے اسٹیشن کو درآمد و برآمد کیلئے لینڈ کسٹمز اسٹیشن قرار دے دیا۔ اس اقدام سے ریل کے ذریعے دونوں ممالک کے درمیان تجارتی سامان کی نقل و حمل آسان، اخراجات کم اور

بقیہ 17 صفحہ 3 پر

موسم کی سختیوں سے بچانے کے لیے زیارت میں سیب کے باغات کو حفاظتی جالوں سے ڈھکا گیا ہے

سیدال خان ناصر کی کراچی میں رینجرز کیمپ آفس پر دہشت گرد حملے کی شدید مذمت

موجودہ حکومت ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور امن و استحکام کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے، ڈپٹی چیئرمین سینٹ

اسلام آباد (بی پی آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کراچی میں رینجرز کیمپ آفس پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے بزدلانہ اور قابل نفرت کارروائی قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ موجودہ حکومت ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور امن و استحکام کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے اور پوری قوم اپنی سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند کھڑی ہے۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ سیکورٹی فورسز

بقیہ 26 صفحہ 3 پر

ڈونا ہلڈا سالیڈیریٹی کچن کی چھٹی سالگرہ پر فیسٹیول آف نیشنز کا انعقاد

پاکستان سمیت مختلف ممالک کے رضاکاروں کی شرکت، ثقافتی ہم آہنگی اور اخوت کا بھرپور اظہار

فلوریانوپولیس (بی پی آئی) فلوریانوپولیس کیسانتا کیٹرینا اسٹیٹ میں قائم ہلڈا سالیڈیریٹی سینٹر (CIS) میں قائم ہلڈا سالیڈیریٹی کچن کی چھٹی سالگرہ کے موقع پر فیسٹیول آف نیشن کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف ممالک سے تعلق رکھنے والے رضاکاروں، معاونین اور منصوبے کے شرکاء نے شرکت کی۔ منتظمین کے مطابق تقریب کا مقصد سالیڈیریٹی کچن سے وابستہ رضاکاروں کی متنوع ثقافتی پس منظر کو اجاگر کرنا اور مختلف اقوام کے درمیان بھائی چارے، یکجہتی اور باہمی احترام کو فروغ دینا تھا۔ اس وقت اس منصوبے میں وینزویلا، ہیٹی، پاکستان اور کیوبا سے تعلق رکھنے والے رضاکار خدمات انجام دے رہے ہیں، جو

بقیہ 31 صفحہ 3 پر

امیر مقام سے جہانزیب خان کی قیادت میں دیر کے وفد کی ملاقات

وفاقی وزیر نے وفد کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل کو غور سے سنا، جلد اور مؤثر حل کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی

پشاور (بی پی آئی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان و سطران اور صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا انجینئر امیر مقام سے ان کی رہائش گاہ، کینٹ پشاور میں سابق صوبائی وزیر اور پاکستان مسلم لیگ (ن) مالاکنڈ ڈویژن کے صدر جہانزیب خان کی قیادت میں ضلع دیر کے ایک وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ضلع کی مجموعی سیاسی صورتحال، عوام کو درپیش مسائل، ترقیاتی منصوبوں اور عوامی فلاح و بہبود سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے ضلع دیر کے مختلف علاقوں میں عوام کو درپیش مسائل اور مقامی سطح پر موجود چیلنجز سے وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام کو آگاہ کیا۔ وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے وفد کی

بقیہ 32 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے کراچی کے تاجر کی نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے

بارڈر کو فوری طور پر کھولنے کے لیے ایران کے ساتھ معاملات طے پا گئے، ڈپٹی کمشنر

تربت (بی پی آئی) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے اپنے آفس میں میڈیا بریفنگ کرتے ہوئے ضلع کیچ کے عوام اور بارڈر کے کاروبار سے وابستہ افراد کے لیے بڑی خوشخبری سناتے ہوئے کہا

بقیہ 18 صفحہ 3 پر

محدود وسائل کے باوجود ترقیاتی سفر جاری رہے گا، سردار زادہ فیصل خان جمالی

عوام کو تنہا چھوڑنا سیاست کا حصہ نہیں، بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے

گنداخہ (بی پی آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما، عوامی لیڈر اور صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ محدود بجٹ کے باوجود عوامی خدمت کے سفر کو ہرگز نہیں روکا جائے گا۔ عوام کو تنہا چھوڑنا ہماری سیاست کا حصہ نہیں، بلکہ ان کے مسائل کے حل اور علاقے کی تعمیر و ترقی کے لیے ہر ممکن اقدامات

بقیہ 19 صفحہ 3 پر

گوادر میں پولیس کی بڑی کارروائی، غفلت برتنے پر 14 اہلکار نوکری سے فارغ

مجید حسین، وارث علی، بلال احمد، محمد یوسف، زاہد علی، مرتضیٰ، سمیر، اکبر علی، نور بخش، محمد اسحاق، عبدالحکیم، خالد اور امجد علی شامل ہیں

7 جون کو نامعلوم مسلح افراد نے پولیس اسٹیشن سٹمر پر حملہ کیا تھا، جس کے دوران مسلح افراد تھانے سے اسلحہ اور دیگر سرکاری سامان لوٹ کر فرار ہوئے تھے

گوادر) یو این اے (گوادر میں بلوچستان پولیس کی بڑی کارروائی کے دوران ڈسٹرکٹ پولیس کے 14 اہلکار نوکری سے فارغ کر دیے گئے ہیں۔ محکمہ پولیس کے مطابق غفلت اور لاپرواہی برتنے پر ایس آئی نیاز احمد سمیت 14 اہلکاروں کو نوکری سے نکالا گیا ہے، جن میں مجید حسین، وارث علی، بلال احمد، محمد یوسف، زاہد علی، مرتضیٰ، سمیر، اکبر علی، نور بخش، محمد اسحاق، عبدالحکیم، خالد اور امجد علی شامل

بقیہ 20 صفحہ 3 پر

مہنگا پیٹرول، 17 نشستوں والی حکومت عوام کی جیبوں پر بھی ڈاکا ڈال رہی ہے، شفیع جان

مہنگے پیٹرول و ڈیزل اور مہنگائی کے باعث عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں، وزیر اطلاعات کے پی کے

پشاور (بی پی آئی) صوبائی وزیر اطلاعات شفیع جان نے پیٹرول و ڈیزل کی قیمتوں میں کمی نہ کرنے پر وفاقی حکومت پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ مہنگا پیٹرول، 17 نشستوں والی حکومت عوام کی جیبوں پر بھی ڈاکا ڈال رہی ہے۔ اپنے بیان میں شفیع جان نے کہا کہ عالمی مارکیٹ میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل کمی کے باوجود وفاقی حکومت نے عوام کو کوئی ریلیف نہیں دیا۔ انہوں نے کہا کہ 17 نشستوں والی حکومت پیٹرول اور ڈیزل پر بھاری لیوی ٹیکس کے ذریعے عوام کی جیبوں پر ڈاکا ڈال رہی ہے۔ انہوں نے

بقیہ 27 صفحہ 3 پر

مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کم کرنے کے لیے مصر اور قطر کا مشترکہ پیغام، سفارتی کوششیں تیز

قاہرہ (بی پی آئی) مصر اور قطر نے امریکا اور ایران کے درمیان جاری مذاکراتی عمل کی حمایت کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان طے پانے والی مفاہمتی

بقیہ 28 صفحہ 3 پر

امریکا کے پھر ایران پر حملے، دفاعی تنصیبات، ڈرون ذخیرہ گاہوں کو نشانہ بنایا

واشنگٹن / تہران (بی پی آئی) امریکا نے ایران پر پھر حملہ کر دیا، امریکی سینٹرل کمانڈ نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز میں پاناما کے پرچم بردار جہاز پر ایرانی ڈرون حملے کے جواب میں ایران میں متعدد فوجی اہداف پر فضائی کارروائی کی ہے۔ پاسداران انقلاب نے کویت اور بحرین میں

بقیہ 29 صفحہ 3 پر

طالبان رجیم کی ناقص پالیسیاں، لاکھوں افغان شہری اپنے گھر بار چھوڑ کر بھاگنے پر مجبور

طالبان نے شریعت کی سخت اور کڑی تشریحات کی بنا پر 350 معصوم افغانوں کو قید خانوں میں ڈال دیا، رپورٹ

کابل (بی پی آئی) طالبان رجیم کی ناقص پالیسیوں کیوجہ سے لاکھوں افغان شہری اپنے گھر بار چھوڑ کر بھاگنے پر مجبور ہو گئے۔ افغان جریدے کے مطابق افغان طالبان نے شریعت کی سخت اور کڑی تشریحات کی بنا پر 350 معصوم افغانوں کو قید خانوں میں ڈال دیا ہے۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل کے افغانستان کے محقق زمن سلطانی کے مطابق طالبان کے زیر سایہ افغانستان تارکین وطن کے لیے دنیا کا خطرناک ترین ملک ہے۔ افغان

بقیہ 30 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: گرم اور مرطوب موسم کے باعث شہر کی ایک سنسان سڑک کا منظر

نصیر آباد، اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ کی سربراہی میں ڈیرہ رحمان جمالی کی کھلی کچہری کا منظر

مرحوم ماما محمد اشرف سالانی بے باک صحافت کے مالک اور مظلوموں کی آواز تھے، رئیس فرحان جمالی

مرحوم کی صحافتی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اور ان کا خلا مدتوں محسوس کیا جائے گا، صوبائی جنرل سیکرٹری

بولان (بی پی آئی) ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری رئیس فرحان جمالی نے ضلع بچی) بولان (میں 1995 سے صحافت کی شمع روشن کرنے والے بزرگ و سینئر صحافی مرحوم ماما محمد اشرف سالانی کی پہلی برسی پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحوم بے باک صحافت کے مالک اور ہر مکتبہ فکر کے حقوق کے علمبردار تھے رئیس فرحان جمالی نے کہا کہ مرحوم ماما محمد اشرف سالانی ضلع بچی کے شہر مچھ سمیت دیگر علاقوں کے سیاسی سماجی اور عوامی حلقوں میں ایک انتہائی متحرک اور فعال صحافی کے نام سے جانے جاتے تھے انہوں نے مچھ شہر کے گلی کوچوں سیاسی سماجی حلقوں اور سرکاری دفاتر تک اخبارات کی رسائی کو خود چل کر ممکن بنایا وہ عوامی مسائل سے نہ صرف بخوبی واقف تھے بلکہ انہوں نے انتہائی دیانتداری کے ساتھ ان مسائل کو اجاگر کر کے ایوانوں تک پہنچایا کئی عوامی مسائل کے حل کے لیے ان کی خدمات کو آج بھی قدر کی نگاہ سے

کوئٹہ، ایک سروس اسٹیشن پر مزدور گاڑیوں کی دھلائی میں مصروف ہیں

کوہلو میں متوقع مون سون بارشوں کے پیشِ نظر ندی نالوں کی صفائی اور حفاظتی اقدامات کا مطالبہ

محکمہ زرعی انجینئرنگ کے پاس مشینری ہونے کے باوجود اقدامات نہ ہونے پر عوامی و سماجی حلقوں کی تشویش

کوہلو (بی پی آئی) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں متوقع مون سون بارشوں کے پیشِ نظر عوامی و سماجی حلقوں نے متعلقہ محکموں کی کارکردگی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے بروقت حفاظتی اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق مقامی افراد کا کہنا ہے کہ گزشتہ سیلابی ریلوں سے زمینداروں کو بھاری نقصان اٹھانا پڑا تھا، جس کی ایک بڑی وجہ آبی گزرگاہوں اور ندی نالوں کی بروقت صفائی نہ ہونا تھی۔ ان کا مقصد ہے کہ محکمہ زرعی انجینئرنگ کے پاس مشینری اور بلڈوزرز موجود ہونے کے باوجود ضروری اقدامات نہیں کیے جا رہے۔ عوامی حلقوں کا مزید کہنا ہے کہ اگر بارشوں سے قبل ندی نالوں اور آبی گزرگاہوں کی صفائی نہ کی گئی تو ایک بار پھر فصلوں، زرعی زمینوں اور املاک کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے وسائل اور فنڈز کی کمی سے متعلق خدشات کا بھی ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ایسے حالات میں عوام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، لہٰذا حکومت کو فوری توجہ دینی چاہیے۔ عوامی و سماجی حلقوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ متوقع بارشوں کے پیشِ نظر ہنگامی بنیادوں پر ندی نالوں کی صفائی، مشینری کی دستیابی اور متعلقہ محکموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے۔ اگر کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی ثابت ہو تو ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔۔

سی بی ڈی بلیوارڈ ہیوی بائیکرز کیلئے نوگو ایریا قرار، سی ٹی او لاہور کا بڑا اعلان

لاہور (بی پی آئی) چیف ٹریفک آفیسر (سی ٹی او) لاہور سید عبدالرحیم شیرازی نے بڑا اعلان کرتے ہوئے سی بی ڈی بلیوارڈ کو ہیوی بائیکرز کیلئے نوگو ایریا قرار دے دیا۔ سی ٹی او لاہور کے مطابق ہیوی بائیکرز ٹولیوں کی صورت میں مین بلیوارڈ پر ریسنگ، تیز رفتاری اور شور شرابے کا باعث بنتے ہیں، جس کے پیشِ نظر ان کے خلاف سخت کارروائی کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ویک اینڈ نائٹس پر ون ویلنگ، خطرناک کرتب اور تیز رفتاری کا مظاہرہ کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کریک ڈاؤن کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں ڈویژنل اور سرکل افسران کو اپنی نگرانی میں کارروائیاں یقینی بنانے کی

نئی قسم کی عسکریت پسندی کو پنپنے اور خطرہ بننے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی، چین

اقوام متحدہ (بی پی آئی) چین نے کہا ہے کہ نئی قسم کی عسکریت پسندی کو پنپنے اور خطرہ بننے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔ عرب ٹی وی کے مطابق اقوام متحدہ میں چین کے مستقل مندوب فو چونگ نے جنرل اسمبلی میں اقوام متحدہ کمشنر کے عالمی دن کی یادگاری تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس دن کی یاد صرف ماضی کا جائزہ لینے کے لیے نہیں بلکہ مستقبل کی سمت متعین کرنے کے لیے بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں دنیا بے یقینی اور متعدد بحرانوں سے دوچار ہے جبکہ اقوام متحدہ کو بھی مختلف چیلنجز کا سامنا ہے، اس لیے تمام ممالک کو عملی اقدامات کے ذریعے اقوام متحدہ کے

سعودی عرب میں 15 ہزار سے زائد غیر قانونی تارکین گرفتار

ریاض (بی پی آئی) سعودی حکام نے ایک ہفتے کے دوران اقامہ، لیبر اور بارڈر سکیورٹی کی مزید 15 ہزار 288 خلاف ورزیاں ریکارڈ کی ہیں جبکہ 11 ہزار 297 غیر قانونی تارکین کو ان کے ملک واپس بھیجا گیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق 18 سے 24 جون 2026 کے درمیان مجموعی طور پر 7 ہزار 589 افراد کو اقامہ قانون، 3 ہزار 199 کو غیر قانونی سرحد عبور کرنے کی کوشش اور ایک ہزار 763 کو قانون محنت کی خلاف ورزی پر

اوستہ محمد کے شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی یقینی بنا دی گئی، ایکسین شکر اللہ بلوچ

تالابوں میں وافر پانی اسٹور، صوبائی وزیر فیصل خان جمالی کی کاوشوں سے نئی اسکیمیں تعمیر ہوں گی

اوستہ محمد (بی پی آئی) ایکسین پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اوستہ محمد شکر اللہ بلوچ نے کہا ہے کہ اوستہ محمد کے شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا ہے واٹر سپلائی کی تالابوں میں وافر مقدار میں پانی اسٹور کیا گیا ہے ان خیالات کا اظہار ایکسین پبلک ہیلتھ انجینئرنگ شکر اللہ بلوچ نے یو این اے سے بات چیت کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی اولین ذمہ داری ہے ان کا کہنا تھا کہ صوبائی وزیر لائیو سٹاک ایم پی اے اوستا محمد سردار زادہ فیصل خان جمالی اور محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے اعلیٰ حکام کی کاوشوں سے واٹر سپلائی کی تمام تالابوں میں وافر مقدار میں پانی اسٹور کیا گیا ہے اور پانی کی سپلائی بحال کر دی گئی ہے جس سے صارفین مستفید ہو رہے ہیں شکر اللہ بلوچ نے مزید کہا کہ محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے ملازمین اپنے فرائض دیانت داری کے ساتھ سرانجام دیں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے مزید کہا کہ ضلع اوستا محمد کی عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروکار لایا جائے گا

لاہور سمیت پنجاب بھر میں ایل پی جی کی قیمتوں میں من مانا اضافہ

ایل پی جی کی سرکاری قیمت 308 روپے فی کلو مقرر، لاہور میں مختلف دکاندار ایل پی جی 480 سے 500 روپے فی کلو تک فروخت

اسلام آباد (بی پی آئی) حکومت کی جانب سے قیمت مقرر کرنے کے باوجود لاہور سمیت پنجاب بھر میں ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافے کا سلسلہ نہ رک سکا۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق حکومت کی جانب سے ایل پی جی کی سرکاری قیمت 308 روپے فی کلو مقرر ہے تاہم لاہور میں مختلف دکانداروں کی جانب سے ایل پی جی 480 سے 500 روپے فی کلو تک فروخت کی جاتی رہی۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق دکاندار اپنی مرضی سے روز 10 سے 20 روپے فی کلو تک اضافہ کرتے ہیں۔۔

پشتونخوا میپ کے سیکرٹری جنرل عبدالرحیم زیارتوال نے ٹراما سینٹر کوئٹہ میں زخمیوں کی عیادت کی

بلوچستان میں حکومت کی رٹ کہیں نظر نہیں آ رہی ہے، لالہ یوسف خلجی

صوبے کی سیاسی، قوم پرست، مذہب پرست سیاسی جماعتوں اور قبائلی مشران کو حالات کی بہتری کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا

کوئٹہ (بی پی آئی) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں حکومت کی رٹ کہیں نظر نہیں آ رہی ہے دن دیہاڑے بے گناہ اور معصوم شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا جا رہا ہے لیکن وزیر اعلیٰ سمیت وزراء سب ٹھیک ہے کا راگ الاپ رہے ہیں، صوبے کی سیاسی، قوم پرست، مذہب پرست سیاسی جماعتوں اور قبائلی مشران کو حالات کی بہتری کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا بصورت دیگر صوبے کو تباہی کے سوا کچھ نہیں ملے گا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں لالہ یوسف خلجی نے کہا کہ اسوقت پورا بلوچستان بدامنی کی لپیٹ میں قومی شاہراہوں پر سفر کرنا مشکل ہو چکا ہے اور شہر میں دن دیہاڑے بے گناہ اور معصوم شہریوں کو قتل کیا جا رہا ہے لیکن پوچھنے والا کوئی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں امن و امان کی خراب صورتحال پر قوم پرست و مذہبی جماعتوں کی خاموشی بھی معنی خیز ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی اپنی قبائلی روایات تھیں جنہیں آج پاؤں تلے روندا جا رہا ہے اور انہیں روکنے والا کوئی نہیں ہے۔

راولپنڈی کی جی ٹی روڈ پر محکمہ جنگلات کی بڑی کارروائی، قیمتی لکڑی سے بھرا ٹرک ضبط

لکڑی اسمگل کرنے والوں کو 55 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا گیا، رپورٹ جاری

پشاور (بی پی آئی) خیبر پختونخوا سے اسمگل کی جانے والی قیمتی لکڑی سے بھرا ٹرک تحویل میں لے لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈویژنل فاریسٹ آفیسر عامر امتیاز نے بتایا کہ ٹرک مانسہرہ سے آ رہا تھا اور اس پر 7 سو فٹ چیڑ کے درختوں کو کاٹ کر لوڈ رکھا گیا تھا۔ راولپنڈی سے تعاقب کرتی محکمہ جنگلات کی ٹیم نے جی ٹی روڈ گوجر خان کے قریب ٹرک روکوا کر چیک کیا تو سوار کسی قسم کا ثبوت مہیا نہ کر سکے۔ عامر امتیاز ڈویژنل فاریسٹ آفیسر راولپنڈی نے بتایا کہ پاکستان فاریسٹ ایکٹ 1927 کے تحت لکڑی اور ٹرک کو ضبط کر کے سیالہ فاریسٹ سیل ڈپو منتقل کر دیا گیا ہے۔ لکڑی اسمگل کرنے والوں کو 55 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا

کوہلو کے فضلین بیڈ ہسپتال میں عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی جاری

ڈاکٹروں، پیرامیڈیکل اسٹاف اور ادویات کی بروقت دستیابی پر عوامی و سماجی حلقوں کا اطمینان

کوہلو (بی پی آئی) بلوچستان کے ضلع کوہلو کے فضلین بیڈ ہسپتال میں عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق عوامی و سماجی حلقوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ صوبائی وزیر صحت بخت کاکڑ اور سیکرٹری صحت مجیب پانیزئی کی خصوصی ہدایات پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) سول ہسپتال ڈاکٹر اصغر مری کی نگرانی میں ہسپتال میں ڈاکٹروں، پیرامیڈیکل اسٹاف اور ادویات کی بروقت دستیابی کو یقینی بنایا گیا ہے، جس سے مریضوں کو بہتر طبی سہولیات میسر آ رہی ہیں۔ انہوں نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سول ہسپتال کا ڈاکٹرز اور دیگر عملہ نہایت شفیق، با اخلاق اور ذمہ داری سے اپنے فرائض سرانجام دے رہا ہے، جس پر عوام نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے محکمہ صحت کی کاوشوں کو سراہا۔

معاشی طور پر مستحکم بنانے کی کاوشیں لائق تحسین ہیں، عبدالمالک صالح

کمانڈنٹ ایف سی پنجگور رابطل بریگیڈیئر ظفر اقبال کی معاشرے کے غریب اور بے سہارہ طبقہ میں ٹوکن تقسیم

پنجگور (بی پی آئی) ضلع پنجگور کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے نادار یتیم، معزور بیوں اور بے روزگار افراد میں نوبت لسٹ کے ٹوکن تقسیم کیے گئے۔ نوبت لسٹ ٹوکن کی تقسیم کا ایک پروقار تقریب زیر صدارت کمانڈنٹ ایف سی پنجگور رابطل بریگیڈیئر ظفر اقبال منعقد ہوا جس میں ڈسٹرکٹ چیئرمین عبدالمالک صالح بلوچ، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سردار ایاز خان، وائس چانسلر یونیورسٹی آف مکران پنجگور ڈاکٹر میر سعادت بلوچ، انجمن تاجران کے صدر فرید احمد بلوچ، ممتاز عالم دین مولانا علی احمد بلوچ، مولانا عبدالحلیم اور دیگر اہم شخصیات سمیت شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین عبدالمالک صالح، ڈاکٹر سعادت بلوچ، فرید نواز اور دیگر مقررین نے کہا کہ کمانڈنٹ ایف سی پنجگور رابطل بریگیڈیئر ظفر اقبال کی معاشرے کے غریب اور بے سہارہ طبقہ میں ٹوکن تقسیم اور ان کو معاشرے میں معاشی طور پر مستحکم بنانے کی کاوشیں لائق تحسین ہیں اور اس طبقہ کی معاشی بہتری پورے معاشرے کیلئے بہتر ثابت ہوگا جب یہی طبقہ سڑکوں پر ہاتھ پھیلانے سے بچ کر با عزت طریقے سے اپنی روزی روٹی کا بندوبست کر سکیں گے۔ بارڈر سے اس محروم طبقہ کو حصہ دار بنانا انسانیت کی بہترین خدمت ہے۔۔

راولپنڈی، ڈیڑھ سالہ بچی کو چھری کے وار سے قتل کرنے کی کوشش، گرفتار ملزم رشتہ دار نکلا

ڈیڑھ سالہ بچی کو ہسپتال منتقل کیا گیا جس کی حالت علاج معالجے کے بعد خطرے سے باہر

راولپنڈی (بی پی آئی) تھانہ دھمیال کے علاقے گرجا روڈ بگلی میں کھیلتی ڈیڑھ سالہ بچی کی گردن پر چھری کے وار سے قتل کی کوشش کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ سی پی او راولپنڈی خالد ہمدانی کے سخت نوٹس لینے پر پولیس مدعیت میں مقدمہ درج کیا گیا۔ انہوں نے ملزم کی فوری گرفتاری کا حکم دیا تھا جس پر ملزم کو 24 گھنٹے میں گرفتار کر لیا گیا۔ ڈیڑھ سالہ بچی کو اسپتال منتقل کیا گیا جس کی حالت علاج معالجے کے بعد خطرے سے باہر ہے۔ ایس پی صدر کی سربراہی میں ایس ایچ او دھمیال اور ٹیموں نے مسلسل انتھک محنت سے ملزم کو گرفتار کیا، ملزم متاثرہ بچی کی والدہ کا رشتہ دار نکلا۔ ابتدائی تفتیش میں انکشاف ہوا کہ ملزم نے ذاتی پیچیدگی کی بنا پر بچی کو قتل کرنے کی کوشش کا انکشاف کیا ہے، ملزم کے ساتھیوں سہولت کاروں کو بھی جلد گرفتار کیا جائیگا۔ سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کا نے کہا کہ بچوں پر تشدد یا انکا استحصال کسی صورت برداشت نہیں، ملزم کو غیر انسانی فعل پر قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔ قبل ازیں، تھانہ دھمیال میں سیکورٹی ڈیوٹی پر تعینات پولیس اہلکار جواد الحسن کی مدعیت میں درج مقدمے میں بتایا گیا تھا کہ ڈیوٹی پر موجود تھا کہ گلی نمبر 6 گرجا روڈ پر ڈیڑھ سالہ بچی

کوہلو کے فضلین بیڈ ہسپتال میں عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی جاری

ڈاکٹروں، پیرامیڈیکل اسٹاف اور ادویات کی بروقت دستیابی پر عوامی و سماجی حلقوں کا اطمینان

کوہلو (بی پی آئی) بلوچستان کے ضلع کوہلو کے فضلین بیڈ ہسپتال میں عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق عوامی و سماجی حلقوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ صوبائی وزیر صحت بخت کاکڑ اور سیکرٹری صحت مجیب پانیزئی کی خصوصی ہدایات پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) سول ہسپتال ڈاکٹر اصغر مری کی نگرانی میں ہسپتال میں ڈاکٹروں، پیرامیڈیکل اسٹاف اور ادویات کی بروقت دستیابی کو یقینی بنایا گیا ہے، جس سے مریضوں کو بہتر طبی سہولیات میسر آ رہی ہیں۔ انہوں نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سول ہسپتال کا ڈاکٹرز اور دیگر عملہ نہایت شفیق، با اخلاق اور ذمہ داری سے اپنے فرائض سرانجام دے رہا

بھارت میں مسلم مخالف نفرت انگیز اقدامات، ڈیڑھ ماہ میں 23 مساجد، مدارس اور درگاہیں مسمار کی گئیں

نئی دہلی (بی پی آئی) بھارت میں مسلمانوں کی عبادت گاہوں کو گرانے کے واقعات میں مزید اضافہ ہو گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق گزشتہ 45 روز کے دوران بھارت کی مختلف ریاستوں میں ایک ہزار سال پرانی مسجد سمیت 23 مساجد، مدارس، درگاہوں اور عیدگاہوں کو گرایا گیا۔

تلہار، کوہلی اور ملاح برادری کے دو گروپوں کے درمیان تصادم

تلہار (بی پی آئی) تلہار کے نواحی گاؤں مبارک ملاح میں کوہلی اور ملاح برادری کے دو گروپوں کے درمیان تصادم ہو گیا، جس کے دوران کلہاڑیوں اور لاٹھیوں کے وار سے دو خواتین سمیت پانچ افراد زخمی ہو گئے۔ زخمیوں میں شریمتی ہریا کوہلی، شریمتی مانو بی کوہلی، پریم کوہلی، ہری چند کوہلی اور ایک نامعلوم شخص شامل ہیں۔ تمام زخمیوں کو طبی امداد کے لیے سول اسپتال تلہار منتقل کر دیا گیا۔ واقعے کے بعد کوہلی برادری کے مردوں اور خواتین نے پولیس اسٹیشن تلہار کے سامنے احتجاج کرتے ہوئے احرام عائد کیا کہ ان کا ایک کم عمر بچہ مویشی چرا کر لے جا رہا تھا۔۔

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں برقرار رکھنا ظلم ہے، سید امان شاہ

عالمی منڈی میں تیل سستا، پاکستان میں عوام اب بھی مہنگا پٹرول خریدنے پر مجبور ہیں

کوئٹہ (بی پی آئی) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی کنوینر سید امان شاہ نے کہا ہے کہ ایران اور امریکہ کے درمیان جنگ بندی کے فوری بعد عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی، مگر افسوس کے ساتھ پاکستان میں عوام کو اس کا کوئی فائدہ نہیں پہنچایا جا رہا۔ حکومت اب بھی پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کرنے کے بجائے عوام پر مہنگائی کا بوجھ برقرار رکھے ہوئے ہے، جو انتہائی افسوسناک اور عوام دشمن طرز عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر تیل سستا ہونے کے باوجود پاکستان میں پٹرولیم مصنوعات کی بلند قیمتیں برقرار رکھنا ناقابل قبول ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ عالمی منڈی کے مطابق فوری طور پر پٹرول، ڈیزل اور دیگر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کرے تاکہ مہنگائی کے ستائے ہوئے عوام کو کچھ ریلیف مل سکے۔ موجودہ صورتحال میں پٹرولیم مصنوعات کی مہنگی قیمتوں نے ٹرانسپورٹ، اشیائے خورد و نوش اور روزمرہ استعمال کی تمام بنیادی ضروریات کو عوام کی پہنچ سے دور کر دیا ہے۔ سید امان شاہ نے کہا کہ مہنگائی اس وقت ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہے۔۔

لورالائی میں واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک یونین کے نومنتخب عہدیداران کے اعزاز میں ویلکم پارٹی کا انعقاد

تیسری بار کامیابی ملازمین کی محبت ہے، بجلی چور کنکشن لیگل کروائیں، سرکل چیئرمین عابد اللہ موسیٰ خیل

لورالائی (بی پی آئی) لورالائی اعزاز الیکشن آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک یونین کے 2026-2028 کے الیکشن کی حتمی لسٹ جاری ہونے کی بعد سرکل ڈویژن۔ سب ڈویژن اور ڈویژن آفس کیٹو منتخب کابینہ کے عہدداران۔ کے منتخب ہونے کی خوشی میں واپڈا ملازمین کی جانب سے ویلکم پارٹی منعقد ہوئی نومنتخب کابینہ کے مطابق سرکل چیرمین عابد اللہ موسیٰ خیل۔ جنرل سکیرٹری خیر محمد حمزہ زئی۔ وائس چیرمین رضوان میر۔ جوائنٹ سکیرٹری حاجی حوران خان مری۔ ڈویژنل چیئرمین نورالدین کاکڑ۔ جنرل سکیرٹری غلام مصطفیٰ سوکڑی۔ وائس چیئرمین حاجی مندوخیل۔ جوائنٹ سکیرٹری عبد الغفار حسنی۔ سب ڈویژن کے لیے چیئرمین محمد طفیل ملغانی۔ جنرل سکیرٹری ضیاالرحمٰن جوگیزی۔ وائس چیئرمین بازگل حمزہ زئی۔ جوائنٹ سکیرٹری مجیب الرحمٰن کبزئی۔ ڈویژن آفس کے لیے چیئرمین محمد اشرف مینگل۔ جنرل سکیرٹری محمد بشیر کاکڑ منتخب ہوئے تقریب میں واپڈا کے کارکنوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی پروگرام میں موسیٰ خیل سب ڈویژن کے چیئرمین شاہ وزیر حمزہ زئی نے خصوصی شرکت کی۔۔

تیل کی قیمتوں میں کمی کے باوجود عوام کو ریلیف نہ دینا ظلم ہے، کونسلر محمد بخش نقشبندی

حکومت شاہ خرچیاں بند کرے، ایران سے سستا تیل اور گیس لے کر پٹرول 200 روپے لیٹر مقرر کیا جائے

بھاگ (بی پی آئی) کونسلر محمد بخش نقشبندی نے اپنے بیان میں عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتوں میں ریکارڈ کمی کے باوجود عوام کو ریلیف نہ دینے کے عمل کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے عوام پر ظلم قرار دیا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت عوام پر بوجھ لادنے کے بجائے اپنی شاہ خرچیاں بند کرے I M E کی غلامی اور ڈکٹیشن ختم کر کے عوام کو ریلیف دینے کیلئے فوری اقدامات کرے مہنگائی نے عوام کا جینا دوبھر کر رکھا ہے، روزمرہ مزدوری کرنے والے فاقہ کشی کا شکار ہیں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کو جواز بنا کر ہر چیز مہنگی کر دی جاتی ہے مگر پھر دوبارہ وہ ریٹ نیچے نہیں آتے انہوں نے کہا کہ حکومت پٹرول ڈیزل 200 روپے لیٹر مقرر کرے جب ہم نے ایران امریکہ معاہدہ کروا دیا ہے تو اب ایران سے گیس اور تیل لینے میں کیا مسئلہ ہے جب ایران دوسرے ممالک کو ارزاں نرخوں پر تیل گیس دے سکتا ہے تو پھر پاکستان سے اچھے تعلقات ہیں ایران سے تیل گیس معاہدہ کرنے سے پاکستانی معیشت ترقی کرے گی مہنگائی کا خاتمہ ہوگا محمد بخش نقشبندی نے آئل کمپنیوں کی حکومت کو بلیک میلنگ اور نقصان کا جھوٹا رونا رونے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت آئل کمپنیوں کی بلیک میلنگ میں نہ آئے جب ریٹ

سردار زادہ فیصل خان جمالی کو وزیر اعلیٰ بنایا جائے، محمد حنیف بختیارزئی

سرفراز بگٹی ناکام ہو چکے ہیں، مستعفی ہو کر اپنا کردار ادا کریں، صدر اوستہ محمد بچا تحریک کے ایوان اے سے گفتگو

اوستہ محمد (بی پی آئی) بلوچستان کے حالات درست کرنے کے لیے فوری طور پر سردار زادہ فیصل خان جمالی کو وزیر اعلیٰ بلوچستان کا منصب دیا جائے سرفراز بگٹی بری طرح ناکام ہو چکے ہیں حکمرانوں کو ہوش کے ناخن لینے ہوں گے جمالی خاندان کی خدمات ہرگز فراموش نہیں کیے جا سکتے ان خیالات کے اظہار اوستہ محمد بچا تحریک کے صدر معروف قوم پرست رہنما محمد حنیف بختیارزئی بلوچ نے یو این اے سے بات چیت کرتے ہوئے کہا بلوچستان کے حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے صدر مملکت آصف علی زرداری وزیر اعظم میاں شہباز شریف اور چیف مارشل آصف منیر کو ملکی اور بلوچستان کے وسیع تر مفادات کے لیے صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی کو وزیر اعلیٰ بلوچستان کا منصب دیا جائے محمد حنیف بختیارزئی بلوچ نے مزید کہا کہ بلوچستان کے تمام قبائلی عمائدین سیاسی شخصیات سردار زادہ فیصل

نارروال، شوہر کے ہاتھوں بیوی قتل، لاش کو آگ لگا دی، مقدمہ درج

نارووال (بی پی آئی) تھانہ صدر کے گاؤں غازی وال میں قتل کی لرزہ خیز واردات کے دوران خاوند نے مبینہ طور پر بیوی کو گلا دبا کر قتل کرنے کے بعد لاش کو آگ لگا دی۔ واقعے کا مقدمہ درج کر لیا گیا جس کے مطابق موضع بالو کے کی رہائشی ندا شاہین کے 3 ماہ قبل شادی ہوئی تھی، خاوند حماد سہیل اکثر ندا شاہین کو مار پیٹ کر گھر سے نکال دیتا

خانپور ہزارہ، بے لگام ڈمپر کے نیچے آ کر موٹر سائیکل سوار نوجوان جاں بحق

خانپور ہزارہ (بی پی آئی) شہر ہال موڑ کے قریب تیز رفتار ڈمپر نے موٹر سائیکل سوار نوجوان کو کچل دیا، نوجوان موقع پر جاں بحق ہو گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق متوفی کی شناخت ارسلان سعید ولد الفت سعید سکنہ کرال راولپنڈی کے نام سے ہوئی ہے، متوفی موٹر سائیکل پر سوار تھا جسے تیز رفتار گاڑی نے ٹکر ماری اور وہ روڈ پر آ گرا، اسی دوران سامنے سے آنے والا ڈمپر اوپر چڑھ گیا جس سے وہ موقع

بھارت کو امریکی کمپنی سے ملنے والے لڑاکا طیارے کے 6 انجنوں میں سے ایک خراب نکلا

نئی دہلی (بی پی آئی) بھارت کو امریکی کمپنی سے ملنے والے چھ ایف 404 انجنوں میں سے ایک خراب نکل آیا۔ بھارتی فضائیہ کے لیے تیار کیے جا رہے لائٹ کامبیٹ ایئر کرافٹ تیجس ایم کے 1 اے ہندوستان ایروناٹکس لمیٹڈ کو امریکی جنرل الیکٹرک ایروایسیس سے ملنے والے چھ ایف 404 انجنوں میں سے ایک خراب نکلا جس

یو ایف ایس سی کا ووٹ آؤٹ بارڈرز منصوبہ بین الاقوامی طلبہ کے لیے امید کی نئی کرن پیدا ہو گئی

سانتا کیٹارینا (بی پی آئی) فیڈرل یونیورسٹی آف سانتا کیٹارینا (یو ایف ایس سی) کا ووٹ آؤٹ بارڈرز منصوبہ، بین الاقوامی پناہ گزین اور مہاجر طلبہ کے استقبال، انضمام اور تعلیمی معاونت کے لیے مختلف اقدامات پر عمل پیرا ہے۔ منصوبے کی ٹیم ممبر ڈیبورا برتلے کے مطابق منصوبے کے تحت نئے طلبہ کے استقبال کی سرگرمیوں کا انعقاد، تعلیمی انضمام میں رہنمائی، طلبہ کی تعلیمی پیش رفت کی نگرانی، اور ثقافتی و فنی پروگراموں کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

محرم الحرام پر صوبائی صدر شیعہ علما کونسل بلوچستان علامہ مشتاق حسین عمرانی کا شکریہ

انتظامیہ، پاک فوج، ایف سی، پولیس اور تمام محکموں نے مثالی خدمات انجام دیں، علامہ مشتاق حسین عمرانی

چمتر (بی پی آئی) صوبائی صدر شیعہ علما کونسل بلوچستان علامہ مشتاق حسین عمرانی نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ ملک بھر میں محرم الحرام کے ابتدائی دس دن مذہبی عقیدت، امن اور بھائی چارے کے ماحول میں بخیر و خوبی گزرے، جن کے دوران علمائے کرام نے حضرت امام حسین کی عظیم قربانی اور پیغام کربلا کو اجاگر کیا اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی میں بھی محرم الحرام کے ایام انتہائی عقیدت و احترام کے ساتھ منائے گئے، جہاں انتظامیہ، قانون نافذ کرنے والے اداروں، پاک فوج، ایف سی، محکمہ صحت، میونسپل کمیٹی، واپڈا، اہلیل جنس اداروں، امن کمیٹی، علمائے کرام اور رضاکاروں نے مثالی خدمات انجام دیں، جس سے عزاداری کے تمام پروگرام پرامن ماحول میں مکمل ہوئے علامہ مشتاق حسین عمرانی نے کمشنر نصیر آباد، ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل، اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ، تحصیلدار معظم خان جتوئی، منظور شیرازی، ڈی آئی جی نصیر آباد ڈویژن کامران نواز بلوت، ایس ایس پی نصیر آباد اسد ناصر، قائم مقام ایس پی ٹریفک گلاب خان شیخ، ڈی ایس پی سٹی ثمن علی سولنگی، ایس ایچ او ز، ایف سی 72 ونگ کے کمانڈر رضوان طیب، پاک فوج، محکمہ صحت کے ایم ایس ڈاکٹر حبیب پندرانی، ڈاکٹر ایاز جمالی، میونسپل کمیٹی کے چیئرمین میر صفدر علی عمرانی، چیف آفیسر محمد سلیم ڈومکی، بابو اصغر، واپڈا حکام، اہلیل جنس اداروں، امن کمیٹی کے اراکین، لعل محمد، منور علی عمرانی، تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام اور دیگر رضاکاروں کا خصوصی شکریہ ادا کیا انہوں نے کہا کہ تمام اداروں اور شہریوں کے باہمی تعاون سے محرم الحرام کے ایام پرامن اور منظم انداز میں اختتام پذیر ہوئے، جو قابل تحسین ہے۔ آخر میں انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ملک پاکستان کو امن و استحکام عطا فرمائے، تمام خدمت انجام دینے والوں کو جزائے خیر دے اور وطن عزیز کو ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔

سٹلائٹ ٹاؤن کے رہائشی سابق ناظم خدا بخش لہڑی، خرم قمبر، محمد حنیف، احمد علی پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

دہشت گرد اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے، سیاسی و قبائلی رہنما

**کراچی میں حملہ صرف ہماری بہادر سکیورٹی فورسز پر نہیں بلکہ پا

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت وزارت اطلاعات ونشریات حکومت پاکستان ABC CERTIFIED

روزنامہ آئینہ کوئٹہ

Daily AAINA Quetta

قیمت 5 روپے

بانی: منصور الہدیٰ عباسی

ریذیڈنٹ ایڈیٹر: فہیم ارمان خلیل

چیف ایڈیٹر عامر امیر اعوان

ایڈیٹر فیصل کریم

03332831889 Daily.aaina94@gmail.com

چیف ایڈیٹر و پبلشر عامر امیر اعوان نے روزنامہ آئینہ کوئٹہ سیکٹر بی پرنٹر پرائیوٹ لمیٹڈ سے چھپوا کر دفتر 9-13/28 پاکستان لائن کواری روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

فلم کی جادوگری

ناصر بشیر

کہتے ہیں کہ جو لوگ کچھ نہیں کرتے وہ کمال کرتے ہیں۔ محمد سعید جاوید صاحب بھی ایسے ہی لوگوں میں شامل ہیں۔ کبھی بینکار تھے۔ ان دنوں بے کار ہیں۔ حبیب بنک کراچی کی مینیجری چھوڑی تو سعودی عرب چلے گئے اور وہاں جاتے ہی کنگ فیصل اسپیشلسٹ ہسپتال اینڈ کینسر ریسرچ سنٹر ریاض کے مالیاتی اور انتظامی شعبوں کے سربراہ مقرر ہو گئے۔ وہاں سے ریٹائر ہو کر لاہور آ گئے۔ یہاں سب سے مہنگے پرائیویٹ ہسپتال کے نگران مقرر ہوئے۔ اس ہسپتال کے معاملات ان کی سمجھ میں نہ آئے تو نوکری چھوڑ کر گھر بیٹھ گئے۔ فراغت کے پچھلے تین چار برسوں میں انھوں نے پانچ بھاری بھرکم کتابیں اچھی گزر گئی مصریات ایسا تھا میرا کراچی تیری خاک میں ہے اگر شرر اور ریل کی جادوگری لکھ ڈالیں۔ چند روز پہلے میرے محترم دوست چودھری عبدالغفور صاحب نے حکم دیا کہ شام چار بجے گورنر ہاس میں واقع ان کی اقامت گاہ پہنچ جاں۔ برادرم حسیب پاشا کو ساتھ لانے کی ہدایت انھوں نے بطور خاص کی تھی۔ چودھری صاحب ہم دونوں کو ساتھ لے کر محمد سعید جاوید صاحب کے گھر ماڈل ٹاؤن پہنچ گئے۔ وہ اپنے بھرے پرے اور سجے سجائے مہمان خانے میں ہمارے منتظر تھے۔ کچھ وقت کے بعد جناب عبدالستار عاصم، جناب فاروق عزمی اور جناب ظہیر بدر بھی تشریف لے آئے۔ سرخ مشروب مشرق کے بعد) واقعی (پرتکلف چائے کا دور چلا۔ میز پر قربانی کے گوشت سے بنی ہوئی کوئی چیز نہ تھی، اس لیے ہمارے کام و دہن کو واقعی لذت محسوس ہوئی۔ ہر چیز سے انصاف کیا۔

آخر میں وہ مرحلہ آیا جس کے لیے ہم سب یہاں بلائے گئے تھے۔ محمد سعید جاوید صاحب نے تمام احباب کو اپنی نئی یعنی چھٹی کتاب فلم کی جادوگری عطا کی۔ یہ وقیع اور ضخیم کتاب مشہور اشاعتی ادارے بک ہوم لاہور نے چھاپی ہے۔ ہمارے دوست ایم۔ سرور ان دنوں اس ادارے کے مدارالمہام ہیں۔ کتاب کے صفحات چار سو ترانوے ہیں۔ کتاب کا انتساب تصویر کشی کے بانی اور عظیم مسلمان سائنس دان ابن الہیثم، فلم سازی کے موجد تھامس ایڈیسن اور لومیئر برادران کے علاوہ ان ہزاروں سائنس دانوں، محققین اور تکنیکی ماہرین کے نام کیا ہے جن کی برس ہا برس کی کاوشوں سے فلم سازی اس مقام تک پہنچی جو آج ہم سب کے سامنے ہے اگرچہ اس کتاب کو کسی روایتی دیباچے کی ضرورت نہیں تھی لیکن اس کے باوجود مصنف یا پبلشر کی فرمائش پر میرے دیرینہ دوست، رفیق کار اور ممتاز فلمی صحافی برادرم شوکت ڈار نے اس کا دیباچہ لکھا اور خوب لکھا ہے۔ اگر سچ پوچھیے تو میں کہوں گا کہ یہ فلم سازی پر فقط ایک کتاب نہیں، مکمل انسائیکلوپیڈیا ہے، اگر کالج یا یونیورسٹی کے کسی استاد کو اس موضوع پر پی ایچ۔ ڈی کا مقالہ لکھنے کے لیے کہا جاتا تو وہ شاید ایسا تحقیقی کام نہ کر پاتا۔ یہ کتاب تقاضا کرتی ہے کہ اس کے مصنف محمد سعید جاوید کو پی ایچ۔ ڈی کی ڈگری عطا کر دی جائے۔

عوام خاموش کیوں رہتے ہیں

زاہدہ حنا

عوام اپنے رہنماں کو صرف اس لیے نہیں چاہتے کہ وہ مقبول ہیں

کسی بھی ملک کی سیاسی تاریخ صرف اقتدار کے ایوانوں میں نہیں لکھی جاتی بلکہ گلیوں، بازاروں، کھیتوں، کارخانوں اور عام لوگوں کے دلوں میں بھی لکھی جاتی ہے۔ سیاست دان اکثر یہ سمجھتے ہیں کہ ان کے ساتھ عوام کی محبت ہمیشہ ایک ہی شدت کے ساتھ قائم رہے گی، لیکن عوام کا حافظہ جذبات کے ساتھ ساتھ تجربات سے بھی بنتا ہے۔

پاکستان کی سیاسی تاریخ میں کئی ایسے موڑ آئے جب بڑے بڑے سیاسی نام آزمائشوں سے گزرے۔ ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی دی گئی، ایک ایسا رہنما جس نے عام آدمی کو سیاست کے میدان میں صدا دی تھی۔ ان کے چاہنے والوں کی تعداد بہت زیادہ تھی مگر اس سانحے کے وقت وہ عوامی رد عمل سامنے نہ آیا جس کی توقع کی گئی تھی۔ بعد کے برسوں میں مختلف سیاسی رہنماں کو جیلوں مقدمات اور سیاسی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ کسی کو اقتدار سے ہٹایا گیا، کسی کو جلاوطنی اختیار کرنا پڑی، کسی کو قید کا سامنا کرنا پڑا لیکن ہر بار سوال اٹھا کہ عوام سڑکوں پر کیوں نہیں نکلے؟

کیا عوام بے حس ہو گئے ہیں؟ کیا لوگ اپنے رہنماں کے ساتھ وفادار نہیں رہے؟ شاید اس سوال کا جواب اتنا آسان نہیں۔ عوام کسی بھی سماج کی سب سے بڑی طاقت اور حقیقت ہوتے ہیں۔ وہ صرف جذبات سے نہیں بلکہ اپنے تجربے سے فیصلے کرتے ہیں۔ ایک عام انسان کے لیے سیاست صرف تقریروں، جلسوں اور نعروں کا نام نہیں۔ اس کے لیے سیاست اس کے گھر کے چولہے، بچوں کی تعلیم، روزگار، علاج انصاف اور عزت نفس سے جڑی ہوتی ہے۔

جب ایک مزدور صبح سویرے اپنے کام کی تلاش میں نکلتا ہے، جب ایک کسان اپنی فصل کے مناسب دام کا انتظار کرتا ہے، جب ایک نوجوان روزگار کے لیے دروازے کھٹکھٹاتا ہے تو اس کے لیے سیاسی وعدوں کی اہمیت اسی وقت ہوتی ہے، جب وہ وعدے اس کی زندگی میں کسی تبدیلی کی صورت اختیار کریں۔

عوام اپنے رہنماں کو صرف اس لیے نہیں چاہتے کہ وہ مقبول ہیں بلکہ اس لیے چاہتے ہیں کہ وہ ان کے دکھوں کو سمجھیں اور ان کے مسائل کا حل تلاش کریں۔ تاریخ میں ایسے کئی مواقع آئے جب عوام نے قربانیاں دیں، جیلیں کاٹیں، ظلم برداشت کیا اور تحریکوں کا حصہ بنے، لیکن یہ قربانی ہمیشہ کسی شخصیت کے نام پر نہیں ہوتی، اکثر یہ کسی بڑے مقصد کسی امید اور کسی بہتر مستقبل کے خواب کے لیے ہوتی ہے۔

یہ بھی حقیقت ہے کہ عوام کو اکثر سیاسی طاقتوں نے استعمال کیا۔ انتخابات کے دن ان کی اہمیت بڑھ جاتی ہے، ان کے ووٹ کی قدر کی جاتی ہے مگر اس کے بعد بہت سے لوگ خود کو بھولا ہوا محسوس کرتے ہیں۔ بار بار کی مایوسی انسان کو خاموش کر دیتی ہے۔ یہ خاموشی بے وفائی نہیں ہوتی، کبھی کبھی یہ تھکن ہوتی ہے، کبھی بداعتمادی اور کبھی یہ احساس کہ شاید تبدیلی کا وعدہ پھر ایک خواب ہی ثابت ہوگا۔

سیاسی رہنماں کی سب سے بڑی آزمائش یہ ہے کہ وہ عوام کی محبت کو کس طرح ذمے داری میں تبدیل کرتے ہیں۔ مقبولیت ایک لحاتی کیفیت ہو سکتی ہے لیکن اعتماد برسوں کی محنت سے بنتا ہے۔ عوام کسی رہنما کو سر آنکھوں پر بٹھا سکتے ہیں، مگر اگر اسے محسوس ہو کہ اس کی زندگی میں کوئی حقیقی بہتری نہیں آئی تو وہ خاموشی اختیار کر لیتے ہیں۔ ایک اور پہلو بھی اہم ہے کسی بھی سیاسی رہنما کی جدوجہد کو صرف اس بنیاد پر نہیں پرکھا جا سکتا کہ مشکل وقت میں کتنے لوگ سڑکوں پر نکلے۔

سیاست کا اثر کبھی فوری نظر آتا ہے اور کبھی آنے والی نسلوں تک پہنچتا ہے۔ بعض خیالات اور تحریکیں اپنے وقت میں ناکام دکھائی دیتی ہیں مگر تاریخ بعد میں ان کا جائزہ مختلف انداز میں لیتی ہے۔ سیاسی قیادت کے لیے یہ ایک بڑا سبق ہے کہ عوام کو صرف جذباتی وابستگی کے ذریعے ہمیشہ ساتھ نہیں رکھا جا سکتا۔ عوام محبت بھی کرتے ہیں اور سوال بھی کرتے ہیں، وہ کسی کو اقتدار دے سکتے ہیں اور کسی وقت خاموشی سے دور بھی ہو سکتے ہیں۔

اصل سوال یہ نہیں کہ عوام کیوں نہیں نکلے؟ اصل سوال یہ ہے کہ عوام کے دل میں وہ یقین کیوں کمزور ہوا، جس کے لیے وہ اپنا آرام، وقت اور جان قربان کرنے پر تیار ہوتے ہیں؟ عوام کو کم عقل سمجھنا سیاسی غلطی ہے۔ عوام شاید خاموش ہوں، لیکن وہ اپنے تجربات کو بھولتے نہیں۔ انھیں معلوم ہوتا ہے کہ کس نے امید دی، کس نے وعدے کیے اور کس حد تک ان وعدوں کو حقیقت بنایا۔ جمہوریت کا حسن بھی یہی ہے کہ آخری فیصلہ عوام کا ہوتا ہے۔ کبھی وہ آواز بلند کرتے ہیں، کبھی خاموش رہتے ہیں لیکن اس کی خاموشی کے اندر ایک سوال چھپا ہوتا ہے۔

عوام کی خاموشی کو محض بے عملی یا دلچسپی کے فقدان سے تعبیر کرنا درست نہیں۔ اکثر اوقات یہ خاموشی گہرے مشاہدے، تلخ تجربات اور مسلسل آزمائشوں کا نتیجہ ہوتی ہے۔ ایک ایسا سماج، جہاں عام آدمی روزگار، مہنگائی تعلیم، صحت اور تحفظ جیسے بنیادی مسائل سے نبرد آزما ہو، وہاں سیاسی وابستگیوں کی نوعیت بھی بدل جاتی ہے۔ لوگ اپنے رہنماں کے نعروں سے زیادہ ان کی کارکردگی کو اہمیت دینے لگتے ہیں۔

وہ یہ دیکھتے ہیں کہ اقتدار میں آنے کے بعد کون ان کے مسائل کو سمجھتا ہے، کون ان کے لیے عملی اقدامات کرتا ہے اور کون صرف وعدوں اور دعووں تک محدود رہتا ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ عوام کے شعور کو صرف جلسوں کے ہجوم یا احتجاجی مظاہروں سے نہیں ناپا جا سکتا۔ بہت سے لوگ بظاہر خاموش ہوتے ہیں، لیکن وہ حالات کا باریک بینی سے جائزہ لے رہے ہوتے ہیں۔

ان کے ذہن میں سوالات بھی ہوتے ہیں اور توقعات بھی۔ وہ ہر سیاسی واقعے کو اپنے تجربات کی روشنی میں پرکھتے ہیں اور پھر اپنی رائے قائم کرتے ہیں۔ اسی لیے عوامی فیصلے اکثر سیاسی تجزیہ نگاروں اور رہنماں کی توقعات کے برعکس سامنے آتے ہیں۔ مزید یہ کہ تاریخ میں کئی ایسی مثالیں موجود ہیں جہاں عوام نے طویل عرصے تک خاموش رہنے کے بعد اچانک اپنے اجتماعی شعور کا اظہار کیا اور سیاسی منظرنامہ بدل کر رکھ دیا۔ اس لیے عوام کی خاموشی کو رضامندی یا بے حسی سمجھ لینا ایک بڑی غلط فہمی ہے۔

یہ خاموشی دراصل احتساب کا ایک غیر اعلانیہ مرحلہ بھی ہو سکتی ہے جس میں لوگ اپنے حکمرانوں اور سیاسی نمایندوں کی کارکردگی کا جائزہ لے رہے ہوتے ہیں۔ جمہوری سماج میں عوام صرف ووٹر نہیں بلکہ اجتماعی دانش اور تجربے کی حامل ایک طاقت ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ سیاسی قیادت کے لیے ضروری ہے کہ وہ عوام کے اعتماد کو محض جذباتی نعروں کے ذریعے نہیں بلکہ دیانت دار طرز حکمرانی شفافیت انصاف اور عوامی خدمت کے ذریعے حاصل کرے کیونکہ بالآخر عوام کا فیصلہ ہی تاریخ کا رخ متعین کرتا ہے۔

یہی نہیں بلکہ پاکستانی برآمدات کو فروغ دینے کے لئے حکومت نے برآمداتی شعبے پر سپر ٹیکس کا خاتمہ کر دیا ہے جس کے خاطر خواہ نتائج دیکھنے کو ملیں گے۔

سوال یہ ہے کہ اگر نون لیگ بھی ملکی معیشت کو سنبھال نہیں سکتی اور پاکستان کو ترقی کے راستے پر نہیں ڈال سکتی تو پھر مہاتیر محمد کو بھی لے آیئے، یہاں کچھ ہونے کا نہیں ہے، اس سے بڑھ کر یہ کہ اس بات کو سیم پیج پھٹنے کی بنیاد بنانا کہ سیاستدان ملکی معیشت کو ترقی نہیں دے پائے ہیں تو ایسے تجزیہ کاروں کو یہ نہیں بھولنا چاہئے کہ اس ملک کی کل عمر کا آدھا حصہ براہ راست مقتدرہ کی حکومتوں کے سائے میں پروان چڑھا ہے۔

سیم پیج کیوں نہیں پھٹ سکتا؟

حامد ولید

مکرمی سہیل وڑائچ نے ایک اندازہ کیا لگایا، گویا تجزیاتی حلقوں میں آگ لگ گئی۔ ہر کوئی تجزیے کے تیر لے کر میدانِ عمل میں کود پڑا اور ایک ایسے مفروضے پر بات شروع کر دی جس کے سر پیر نے ہی ابھی تشکیل نہیں پائی۔ جناب وڑائچ کا ماننا تھا کہ پانچواں بجٹ دینے کے باوجود معیشت ابھی تک صرف مستحکم ہوئی ہے، نمو پانا شروع نہیں ہوئی، اس لئے مقتدر حلقوں میں بے چینی پائی جاتی ہے اور وہ اس خیال کے زیر اثر ہیں کہ متبادل دیکھنا چاہئے۔ سہیل وڑائچ صاحب کی وجہ شہرت کسی بھی طور ایک معاشی ماہر یا تجزیہ کار کی نہیں ہے اس لئے اگر وہ ایک گراؤنڈ پر کھڑے ہو کر کوئی ماہرانہ تبصرہ فرماتے ہیں جہاں کی حرکیات پر انہیں عبور نہیں ہے تو دراصل ان کے مفروضے کی بنیاد ہی غیر مستحکم ہو جاتی ہے، اب اگر کوئی ان سے کہے کہ خود آئی ایم ایف کا کہنا ہے کہ جونہی پاکستانی معیشت ساڑھے تین چار فیصد سے اوپر نمو کی طرف بڑھتی ہے تو اس کے بجٹ اور تجارتی خسارے آسمان سے باتیں کرنے لگتے ہیں کہ بنیادی طور پر پاکستانی معیشت کنزیومر اکانومی ہے، یعنی اس میں پیداوار کی بجائے فنشڈ گڈز امپورٹ کر کے استعمال کرنے کا رجحان زیادہ ہے، اس لئے جونہی امپورٹ بل بڑھتا ہے اور بے دریغ ڈالر خرچ ہوتے ہیں تو پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر بھاپ بن کر اڑ جاتے ہیں اور بیرونی قرضوں کی ادائیگیاں وبال جان بن جاتی ہیں اور پاکستان کے دیوالیہ ہونے کی باتیں عام ہونے لگتی ہیں جیسا کہ 2022 میں ہوا تھا جب پی ٹی آئی کی حکومت کے خلاف تحریک عدم اعتماد پاس ہوئی تھی۔ تب بھی پاکستان کے دیوالیہ ہو جانے کی باتیں زبان زد عام تھیں لیکن پھر کامیاب معاشی سفارتکاری کے ذریعے وزیراعظم شہباز شریف نے آئی ایم ایف کو پاکستان کے ساتھ معاہدہ پر راغب کیا اور یوں پاکستان کی عالمی معاشی ساکھ بحال ہوئی اور دوست ملکوں نے ہم سے کاروبار کو جائز جانا، اگر شہباز حکومت کا جرم یہ ہے کہ اس نے آئی ایم ایف کے ساتھ کامیاب معاہدہ کر کے پاکستانی کی معاشی ساکھ کو بحال کروایا جس کے نتیجے میں معاشی استحکام حاصل ہوا جس کے بغیر معیشت آگے بڑھ نہیں سکتی تو پھر مقتدرہ کے ساتھ سائن ہونے والا سیم پیج پھٹ سکتا ہے، وگرنہ تو ایسا کچھ ہوتا نظر نہیں آ رہا۔ معیشت کے بارے میں بنیادی بات جو سمجھنے کی ہے، یہ ہے کہ

معیشت سر کے بالوں کی طرح ترتیب پاتی ہے
سنبھالو تو سنبھلتی ہے، سنوارو تو سنورتی ہے

جیسے ہم صبح سویرے نیند سے اٹھ کر سب سے پہلے اپنے بے ترتیب بالوں کو سنبھالتے ہیں اور سنوارتے بعد میں ہیں، اسی طرح معیشت جب ایک مرتبہ بے ترتیب ہو جاتی ہے تو پہلے اس کو سنبھالا اور بعد میں سنوارا جا سکتا ہے۔ ایسا نہیں ہے کہ اٹھتے ہی ہم بالوں کے نپ بنالیں اور دیکھنے والوں کو دیدہ زیب دکھائی دینے لگیں۔ دوسری اہم بات یہ ہے کہ جناب سہیل وڑائچ نے غالباً یہ اندازہ مالی سال 2026-27 کے بجٹ کے پاس ہونے سے پہلے لگایا ہوگا، وگرنہ اگر وہ بجٹ میں دی جانے والی سہولتوں پر نظر ڈال لیتے تو انہیں اندازہ ہوتا کہ یہ گروتھ کا بجٹ ہے جس میں ٹیکس مراعات دی گئی ہیں، صنعتی و زرعی ترغیبات دی گئی ہیں اور سب سے بڑھ کر یہ کہ رئیل اسٹیٹ سیکٹر کو سخت بجٹ اقدامات سے باہر نکالا گیا ہے تاکہ لوگ اس شعبے میں سرمایہ کاری کرتے ہوئے معیشت کی گروتھ کا سبب بنیں۔ اس وقت صورت حال یہ ہے بجٹ سے پہلے دس مرلے کا جو پلاٹ پونے دو کروڑ کا تھا، بجٹ کے اعلان کے بعد دو کروڑ کا ہو گیا ہے اور ابھی بجٹ کو پاس ہوئے ہفتہ بھی نہیں ہوا ہے۔ اس ایک فیکٹر سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ معاشی گروتھ کے جو فیکٹرز حکومت نے بجٹ کے ذریعے اپلائی کئے ہیں، انہوں نے اپنا اثر دکھانا شروع کر دیا ہے۔

مہنگائی اور انسان

سرور منیر راؤ

مہنگائی کے بعد انسان حسابی ہو جاتا ہے۔ وہ بازار میں چیزیں نہیں، اپنی حیثیت تولتا ہے

مہنگائی صرف بازار میں قیمتیں نہیں بڑھاتی، یہ انسان کے اندر بھی بہت کچھ توڑ دیتی ہے۔ یہ صرف آٹے، چینی، بجلی اور پٹرول کا مسئلہ نہیں رہتا، یہ آہستہ آہستہ انسان کے لہجے، عادتوں، خوابوں اور رشتوں تک پہنچ جاتا ہے۔

کبھی ہم نے سوچا تھا کہ ایک وقت آئے گا جب لوگ شاپنگ مال میں گھومنے نہیں، صرف اے سی کی ٹھنڈی ہوا لینے جائیں گے؟ کبھی یہ تصور کیا تھا کہ بچے کھلونے کی ضد کم اور والدین قیمت پوچھنے سے زیادہ ڈرنے لگیں گے؟ یہ وہ دور ہے جہاں آدمی بازار سے سامان کم اور پریشانی زیادہ لے کر واپس آتا ہے۔

مہینے کے آخر میں جیب خالی ہوتی تھی، اب مہینے کے شروع میں ہی دل پریشان ہونے لگتا ہے۔ مہنگائی کے اثر سے اس کی مسکراہٹ بھی مہنگی ہو جاتی ہے۔ اس کا صبر کم ہو جاتا ہے۔ اس کے اندر چھپی ہوئی چھوٹی چھوٹی خوشیاں مرنے لگتی ہیں۔

پہلے لوگ دکان پر جا کر اپنی پسند کی چیز پوچھتے تھے، اب سب سے پہلے قیمت پوچھتے ہیں اور پھر خاموش ہو جاتے ہیں۔ یہ خاموشی صرف جیب کی نہیں ہوتی، یہ اندر ٹوٹتے ہوئے اعتماد کی آواز ہوتی ہے۔

ہمارے معاشرے میں ایک درمیانہ طبقہ ہوا کرتا تھا۔ وہ طبقہ جو نہ بہت امیر تھا، نہ بہت غریب۔ جس کے پاس محدود وسائل تھے مگر عزت نفس تھی۔ جو سال میں ایک بار بچوں کو نئے کپڑے دلا دیتا تھا، کبھی کبھار خاندان کو باہر کھانا کھلا دیتا تھا، اور مہینے میں ایک دو بار زندگی کو زندگی سمجھ لیتا تھا۔

مہنگائی نے سب سے پہلے اسی طبقے کو مارا ہے۔ امیر آدمی آج بھی خواہشات پوری کر لیتا ہے، غریب آدمی آج بھی مزدوری کر لیتا ہے، مگر درمیانے طبقے کا انسان ہر روز تھوڑا تھوڑا مرتا ہے۔ وہ اپنے بچوں سے نظریں چرا کر کہتا ہے: ابھی نہیں، اگلے مہینے لے دیں گے۔ اور یہ اگلا مہینہ کبھی نہیں آتا۔ مہنگائی کے بعد انسان حسابی ہو جاتا ہے۔ وہ بازار میں چیزیں نہیں، اپنی حیثیت تولتا ہے۔ ایک وقت تھا لوگ پسند سے کھاتے تھے، اب حساب کتاب رکھ کر کھاتے ہیں۔ چائے میں چینی کم کرنا صرف ڈاکٹری مشورہ نہیں رہا، معاشی حکمتِ عملی بن چکا ہے۔ پہلے گھر میں مہمان آتے تھے تو خوشی ہوتی تھی۔ اب مہمان کی آمد سے پہلے گیس، بجلی چینی اور دودھ کا حساب شروع ہو جاتا ہے۔

مہنگائی صرف چیزوں کو مہنگا نہیں کرتی، یہ تہواروں کا ذائقہ بھی پھیکا کر دیتی ہے۔ پہلے عید خوشی لاتی تھی، اب عید سے پہلے قیمتوں کی خبریں خوف لاتی ہیں۔ آپ نے غور کیا ہوگا کہ اب لوگ کم ہنستے ہیں۔ ٹریفک میں غصہ زیادہ ہے، گھروں میں چڑچڑا پن زیادہ ہے، دفتر میں برداشت کم ہے۔

کیونکہ جب انسان مسلسل معاشی دباو میں زندہ رہے تو اس کے اندر برداشت کم ہو جاتی ہے۔ ایک باپ جو سارا دن محنت کے بعد صرف اتنا سوچ کر آج بچوں کے لیے پھل لے جاوں یا بجلی کا بل جمع کرا دوں، وہ آہستہ آہستہ جذباتی طور پر تھک جاتا ہے۔

مہنگائی صرف معیشت کو خراب نہیں کرتی، یہ اخلاقیات کو بھی متاثر کرتی ہے۔ جب حلال آمدنی سے گھر چلانا مشکل ہو جائے تو معاشرے میں بے ایمانی بڑھنے لگتی ہے، لوگ کام چوری کرتے ہیں، ناپ تول میں کمی کرتے ہیں، رشوت کو مجبوری کہنا شروع کر دیتے ہیں۔ ایک معاشی بحران آہستہ آہستہ اخلاقی بحران میں بدل جاتا ہے۔

لوگ دوسروں کی خوشی برداشت نہیں کر پاتے۔ سوشل میڈیا پر کسی کی نئی گاڑی، نیا گھر یا بیرونِ ملک تصویر دیکھ کر دل سے دعا نہیں نکلتی، اندر کہیں حسرت اور تھکن جنم لیتی ہے۔ یہ وہ مقام ہے جہاں مہنگائی صرف جیب پر نہیں، انسان کی روح پر اثر ڈالنا شروع کر دیتی ہے۔

اور سب سے افسوسناک بات یہ ہے کہ ہم نے مہنگائی کو نارمل ماننا شروع کر دیا ہے۔ اب جب پٹرول مہنگا ہوتا ہے تو لوگ صرف میمز بناتے ہیں۔ بجلی کا بل آئے تو تھوڑی دیر غصہ کرتے ہیں، پھر خاموش ہو جاتے ہیں۔ ہم اجتماعی طور پر معاشی تکلیف کے عادی ہوتے جا رہے ہیں۔ یہ عادت خطرناک ہے۔

کیونکہ انسان جب مسلسل دباو میں جینا سیکھ لے تو وہ انصاف مانگنا بھی چھوڑ دیتا ہے۔ لیکن اس ساری تاریکی میں ایک حقیقت اب بھی زندہ ہے۔ ہمارے ملک کا عام انسان ابھی مکمل طور پر نہیں ٹوٹا۔ آج بھی ایک مزدور شام کو گھر جاتے ہوئے بچوں کے لیے دو ٹافیاں لے جاتا ہے۔

آج بھی ایک ماں اپنے حصے کا کھانا بچوں کی پلیٹ میں ڈال دیتی ہے۔ آج بھی لوگ قرض لے کر رشتے نبھاتے ہیں، بیماری میں ساتھ کھڑے ہوتے ہیں، اور مشکل وقت میں ایک دوسرے کو سہارا دیتے ہیں۔ یہی اس معاشرے کی اصل طاقت ہے۔

مہنگائی انسان کو تھکا سکتی ہے، مگر اگر معاشرے میں ہمدردی باقی رہے تو انسان مکمل طور پر بے حس نہیں ہوتا۔ ہمیں شاید اب صرف معاشی اصلاحات کی نہیں، اپنے رویے بدلنے ہوں گے۔

ایک نیا موڑ

جاوید قاضی

پاکستان کے لیے ایران کی معرفت سینٹرل ایشیا میں تجارت کے راستے کھل رہے ہیں

ایران دنیا سے واپس جڑ گیا ہے، یہ کہنا قبل از وقت ہوگا، لیکن موجودہ صورتحال خوش آیند ضرور ہے، موجودہ حالات حوصلہ افزا ہیں۔ ایران و امریکا کی جنگ سے صدر ٹرمپ کی مقبولیت بہت متاثر ہوئی ہے اور امریکا میں مڈٹرم انتخابات اکتوبر میں ہوں گے۔

امریکا میں پیٹرول کی قیمتوں میں خاطر خواہ اضافہ ہوا۔ امریکا کی کچھ ایسی بھی ریاستیں ہیں جو سیونگ کرتی ہیں، افراط زر کے بڑھنے سے دونوں ایوانوں یعنی کانگریس اور سینیٹ میں ٹرمپ کی نمائندگی متاثر ہو سکتی ہے اور اسی بات کے اثرات ہیں کہ امریکا ٹیبل ٹاکس پر آیا اور معاہدے پر دستخط کیے اور یہ ایران کی بہت بڑی کامیابی ہے، اس بات کی مزید وضاحت اکتوبر کے بعد ہوگی۔

اسی اکتوبر میں اسرائیل میں بھی انتخابات ہیں۔ اسرائیلی رائے عامہ یہ کہہ رہی ہے کہ اسرائیل کو اس جنگ میں شکست ہوئی ہے، لہذا نیتن یاہو بھی انتخابات میں شکست کھائیں گے۔ اسی طرح مودی بھی ہندوستان میں غیر مقبول ہو چکے ہیں، لیکن ہندوستان کی اس تبدیلی میں شاید دو یا ڈھائی سال باقی رہتے ہیں۔

پاکستان کے لیے ایران کی معرفت سینٹرل ایشیا میں تجارت کے راستے کھل رہے ہیں۔ ہمیں کیسپین سمندر تک بھی رسائی مل سکتی ہے۔ ہم ریل کے راستے سے بھی سینٹرل ایشیا کے ساتھ جڑ سکتے ہیں۔ پاکستان کی تجارت دہائیوں سے مایوس کن رہی ہے۔ اب نئی منڈیوں تک رسائی پاکستان کی ایکسپورٹ تجارت کو سو فیصد بڑھا سکتی ہے، اگر ہم اپنے لیے ایک جامع پالیسی ترتیب دیں تو۔

دفاعی اعتبار سے ایران، سعودی عرب، قطر، ترکیہ، اومان اور پاکستان ایک طرف ہیں اور دوسری طرف ہیں اسرائیل، ہندوستان اور افغانستان۔ متحدہ عرب امارات، کویت، بحرین اور اردن بھی دوسری طرف ہیں، لہذا طاقت کا ایک نیا توازن پیدا ہوتا ہے۔ اس توازن میں سوائے اسرائیل اور ہندوستان کے باقی تمام ممالک پاکستان اور ایران کے (Antagonistic) مخالف نہیں ہونا چاہیں گے۔ متحدہ عرب امارات اگر پاکستان کے خلاف کہیں استعمال ہوا ہے تو کہیں اندرونی طور پر ہوا ہے کیونکہ بظاہر ان ممالک کا پاکستان کا مخالف ہونا، ان کے بھی حق میں نہیں ہے۔

ان کے اور ہمارے تعلقات سرد ہونا، نہ ہماری معیشت کے لیے اچھا ہے اور نہ ہی ان کی معیشت کے لیے، اگر کسی کو گوادر یا کراچی پورٹ سے مسائل ہیں تو وہ اپنے منفی رجحانات کا علاج کرے۔ ہمارے اندرونی حالات خراب کرنے میں بیرونی ممالک ملوث تھے، مگر اب صورتحال بدل چکی ہے۔

بیرونی ممالک اب ایسا نہیں کر سکتے، اگر ہم نہ چاہیں تو۔ اس پورے خطے میں سینٹرل ایشیا سے لے کر مشرق وسطی تک بلیک ہول صرف ایک ہی ہے اور وہ ہے افغانستان۔ اب وہ بھی سفارتی آداب کو سیکھنے کی جستجو میں ہیں کیونکہ زمینی حقائق کا اندازہ اب ان کو بھی ہونے لگا ہے کہ پاکستان کے بغیر ان کو سمندر تک رسائی نہیں مل سکتی۔

پاکستان کو ایران کے ذریعے سینٹرل ایشیا تک رسائی حاصل ہوگی۔ یہ صورتحال دیکھ کر اب طالبان بھی یہ سوچنے پر مجبور ہو جائیں گے کہ وہ افغانستان کو کب تک جنگ وجدل، منشیات، اسلحہ کے کاروبار سے چلائیں گے۔ افغانستان میں عورتوں کے حقوق کی جس طرح سے پامالی کی گئی ہے، کوئی مہذب ملک او ریاست افغانستان سے روابط رکھنے کی خواہاں نہیں۔ آیندہ پانچ سال افغانستان میں تبدیلیوں کے حوالے سے بڑے اہم ہیں۔

پاکستان کے لیے بڑی اچھی خبر ہے کہ ایران و پاکستان کا گیس معاہدہ جس میں ایران سے پاکستان تک گیس کی رسائی کے لیے بچھائی گئی پائپ لائن کا کام ایران پر لگی پابندیوں کے باعث رک گیا تھا، وہ اب بحال ہونے جا رہا ہے۔ یہی پائپ لائن ہندوستان تک جانی تھی اور یقیناً جانی بھی چاہیے۔

اس گیس پائپ لائن کی باعث ہندوستان کے ساتھ ہمارا ایک معاشی تعلق بڑھے گا جو ہمارے درمیان امن کو فروغ دے گا۔ پاکستان، ایران اور ہندوستان آپس میں تجارت کر سکتے ہیں، جو پورے خطے کے لیے بہتر ثابت ہوگا، پورے خطے میں خوشحالی آئے گی۔ یہی بات چین بھی سمجھ رہا ہے کہ اس کوریڈور میں چین بھی شامل ہو سکتا ہے۔

آنے والے دس برس پاکستان کے لیے بہت اہم بلکہ فیصلہ کن ہیں۔ ایک نئے انداز سے پاکستان مستحکم ہو سکتا ہے۔ آزادی کے 78 برس بعد یہ ایک ایسا موڑ ہے جو ہمارا منتظر ہے۔ ہمارے اندرونی اور سیاسی بحران ہیں جہاں نہ عدالتیں آزاد ہیں نہ پارلیمان، سیاسی پارٹیاں مفلوج، صوبوں میں ہم آہنگی نہیں، لہذا ہمیں آئینی راستہ چننا ہوگا۔

آزادی کے فوراً بعد اگر اس ملک کو آئین دے دیا جاتا جیسا کہ ہندوستان میں ہوا تھا تو 1971 یہ ملک دولخت نہ ہوتا۔ آزادی کے بعد یہ ملک سیاسی بحران کا شکار رہا، اس ملک کو آئین نہ مل سکا، ایسا کیوں ہوا؟ وہ اس لیے کہ جس سیاسی پارٹی نے اس ملک کی آزادی میں اہم کردار ادا کیا، اس کی جڑیں پاکستان کے صوبوں میں مضبوط نہیں تھیں۔

ہندوستان کی بہ نسبت ہمارے حصے میں عسکری اثاثے زیادہ آئے، کیونکہ دفاعی اعتبار سے متحدہ ہندوستان میں انگریزوں کا فوکس افغان سرحدوں پر زیادہ تھا، کیونکہ انگریزوں کو ہمیشہ سے ہی سوویت یونین سے خطرہ محسوس ہوتا تھا۔ اس بات کو ماننے میں کوئی حرج نہیں کہ اس ملک کا وجود دوسری جنگ عظیم کے پس منظر میں تشکیل پایا۔ اس وقت جو نئے حقائق سامنے آئے، ان حقائق کے پیش نظر پاکستان بنا۔ سرد جنگ کا زمانہ تھا، دنیا کی سپر قوتوں کا غلبہ تھا۔ پاکستان میں آمریت کا ہونا امریکا کے مفاد میں تھا۔ ایک مخصوص بیانیہ ابھرا، تاریخ کی غلط تشریح کو لے کر ہم آگے چلے۔ اس ملک کو آئین نہیں دیا گیا اور بنگالی ہمارے لیے درد سر بن چکے تھے، لہذا ان سے چھٹکارا حاصل کیا گیا۔

مغربی پاکستان میں جمہوری اقدار انتہائی کمزور تھیں، جو زرعی اصلاحات ہندوستان لے کر آیا، وہ ہم نہیں لا سکے۔ مشرقی پاکستان میں جاگیردار اور وڈیرے نہیں تھے مگر مغربی پاکستان میں تھے اور جاگیرداروں کی مجبوری تھی، اقتدار اس کے بغیر ان کا چلنا محال تھا۔

ووٹ ان کی ذاتی ملکیت تھی۔ انھیں وجوہات کی بنا پر بر حیثیت ایک قوم اور سماج ارتقا نہ ہو سکی۔ آمریتوں کی بھی یہی چاہت تھی کہ اس قوم پر ان کا غلبہ رہے۔ ان کو غلام بنا کر رکھا جائے۔

عوامی لیگ اور پیپلز پارٹی پاکستان

بقیہ 1

پاکستان مخالف گمراہ کن پروپیگنڈا کرنیوالوں سے کوئی رعایت نہیں ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ آج پوری دنیا پاکستان کی کامیابیوں کی تحسین کر رہی ہے، پاکستان کو معرکہ حق اور معرکہ سفارت کاری میں کامیابی ملی مضبوط معیشت کیلئے ملک کو انتشار، فساد اور بے چینی سے بچانا ہوگا۔ احسن اقبال کا کہنا تھا کہ وزیراعظم کی ہدایت پر بجٹ میں برآمدات کیلئے خصوصی مراعات دی گئیں، آزاد جموں وکشمیر انتخابات میں مسلم لیگ ن بھرپور کامیابی حاصل کرے گی۔

بقیہ 2

بنانے پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا اور حملہ کے نتیجے میں رینجرز کے جانی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار بھی کیا۔ انہوں نے شہید ہونے والے رینجرز اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا اور کہا کہ رینجرز کے دفتر پر دہشتگرد حملہ ملک دشمن عناصر کی مذموم سازش ہے، دہشت گرد عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ شہدا کی قربانیاں قوم کے عزم کو مزید مضبوط بناتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیکورٹی فورسز کی بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو پوری قوم سلام پیش کرتی ہے۔ سردار ایاز صادق نے مزید کہا کہ دہشتگردی کے ناسور کے خاتمے کے لیے ریاست اور قوم ایک صفحے پر ہیں۔ انہوں نے حملے میں شہید ہونے والے اہلکاروں کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا جبکہ زخمی اہلکاروں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا بھی کی۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں امن، استحکام اور قانون کی بالادستی کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا، قوم اپنے بہادر سیکورٹی اداروں کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑی ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے حملے میں شہید ہونے والے اہلکاروں کے درجات کی بلندی اور سوگوار خاندانوں کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

بقیہ 3

دہشت گردوں کا حملہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور موثر کارروائی کرتے ہوئے ناکام بنادیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 27 جون کی شام دہشت گردوں نے رینجرز کیمپ کے مرکزی دروازے پر دھماکا کرکے حفاظتی حصار توڑنے اور کیمپ میں داخل ہونے کی کوشش کی، تاہم رینجرز کے چوکس جوانوں نے فوری جوابی کارروائی کرتے ہوئے حملہ آوروں کے مذموم عزائم خاک میں ملا دیے۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق جوابی کارروائی میں تین دہشت گرد موقع پر ہلاک جبکہ ایک دہشت گرد کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا، جس کی شناخت ایک افغان شہری کے طور پر ہوئی ہے۔ حملے کے بعد علاقے میں ممکنہ سہولت کاروں اور دیگر دہشت گردوں کی تلاش کے لیے کلیئرنس اور سینیٹائزیشن آپریشن جاری رکھا گیا۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ فائرنگ کے شدید تبادلے کے دوران پاکستان رینجرز کے تین بہادر جوان جام شہادت نوش کر گئے جبکہ چار اہلکار زخمی ہوئے۔ شہدا نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرتے ہوئے دہشت گردوں کو کیمپ میں داخل ہونے سے روکا اور ایک بڑے سانحے کو ناکام بنایا۔ ترجمان کے مطابق حملہ آور بھارتی پراکسی کا معروف تنظیم جماعت الاحرار سے تعلق رکھتے تھے۔ بیان میں کہا گیا کہ سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے قومی وژن "عزم استحکام" کے تحت ملک سے بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہیں اور ایسے عناصر کے خلاف کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی۔ آئی ایس پی آر نے واضح کیا کہ شہدا کے خون کا حساب لیا جائے گا اور حملے کے منصوبہ سازوں، سہولت کاروں اور ذمہ دار عناصر کے خلاف بھرپور اور فیصلہ کن کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آرمی چیف اور چیف آف ڈیفنس فورسز نے شہدا کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ وطن کے دفاع میں دی جانے والی یہ عظیم قربانیاں قوم کے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں اور دہشت گردی کے خلاف جنگ منطقی انجام تک جاری رہے گی۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے شہید رینجرز اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا اور کہا کہ قوم اپنے بہادر سپاہیوں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی جبکہ بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر اپنے ناپاک عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے رینجرز کی بروقت کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے ایک مرتبہ پھر اپنی پیشہ ورانہ صلاحیت، جرات اور فرض شناسی کا عملی مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے شہدا کے اہل خانہ سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے زخمی اہلکاروں کی جلد صحت یابی کی دعا بھی کی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بھی حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردوں کا بہادری سے مقابلہ کرنے والے رینجرز کے جوان پوری قوم کا فخر ہیں اور دہشت گردی کے ناسور کو ہر قیمت پر جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے گا۔ واضح رہے کہ سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائی کے باعث دہشت گرد اپنے منصوبے میں مکمل طور پر ناکام رہے اور رینجر کیمپ کو کسی بڑے نقصان سے محفوظ رکھا گیا۔

بقیہ 4

کے نام پر بنگالی مسلمانوں کو بغیر تصدیق کے سرحد پار بھیجا جا رہا ہے۔ انسانی حقوق کے وکیل امان ودود کا کہنا تھا کہ بھارتی حکومت دستاویزات کی معمولی غلطی پر شہریوں کو غیر قانونی بتا کر انہیں زبردستی ملک سے نکال دیتی ہے۔ مودی حکومت پرانے جنگل کے قانون کا غلط استعمال کرکے 50 ہزار مسلمانوں کو ان کے گھروں سے نکال رہی ہے۔ مودی شناختی کاغذات پھاڑ کر مسلمانوں کو بندوق کے زور پر بھارت سے باہر نکال رہا ہے، بی جے پی نے مغربی بنگال میں بغیر نوٹس ہزاروں مسلمانوں کے گھروں کو گرا کر زندگی مشکل بنا دی ہے۔ جنوبی ایشیا امور کی محقق اربنا چیٹرجی کے مطابق مودی حکومت مسلمانوں کے خلاف نفرت بھری تقریروں سے ان کے خلاف جارحانہ ماحول بنا رہی ہے۔ وزیراعلیٰ بنگال سوبھندو ادھیکاری کے مسلمانوں کیخلاف سماجی بائیکاٹ اور اشتعال انگیز بیانات بھارتی قیادت کا ردعمل کا رد ہو چکی ہے۔

بقیہ 5

نے تجارتی جہاز رانی کے خلاف مسلسل جارحیت کے جواب میں ایران بھر میں متعدد اہداف کو نشانہ بنایا، جن میں فوجی ساز وسامان، مواصلاتی نظام، فضائی دفاعی تنصیبات اور ڈرون ذخیرہ کرنے کے مراکز شامل تھے۔ سینٹکام نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ایران کو جنگ بندی معاہدے کی پابندی کا موقع دیا گیا تھا، لیکن اس نے ایسا نہیں کیا اور پانامہ کے پرچم بردار ٹینکر ایم ٹی کیکو پر ڈرون حملہ کیا۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ آبنائے ہرمز میں تجارتی جہازوں کی آمدورفت جاری ہے۔ امریکی سینٹرل کمانڈ نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز میں پانامہ کے پرچم بردار ٹینکر جہاز پر ایرانی ڈرون حملے کے جواب میں ایران میں متعدد فوجی اہداف پر فضائی کارروائی کی ہے۔ فوجی نگرانی کے نظام، مواصلاتی مراکز، فضائی دفاعی تنصیبات، ڈرون ذخیرہ گاہوں اور بارودی سرنگیں بچھانے کی صلاحیت سے متعلق اہداف کو نشانہ بنایا، کارروائیاں صدر ٹرمپ کی ہدایت پر کی گئی ہیں۔ امریکا نے آبنائے ہرمز کے قریب ایرانی اہداف پر حملے کی ویڈیو بھی جاری کردی۔ ادھر ایران پر امریکا کے فضائی حملے اور ایران کے جوابی حملوں کے بعد امریکی عہدیدار نے ایک بیان میں کہا کہ ایران نے بحرین اور کویت سمیت پڑوسی ممالک پر متعدد ڈرون اور میزائل داغے، مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجی اہلکاروں کے جانی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں، حملے میں امریکی تنصیبات کو کسی بڑے نقصان کی بھی کوئی اطلاع نہیں۔ تازہ حملوں کے اعلان کے فوراً بعد امریکی

صدر نے ٹروتھ سوشل پر لکھا کہ یہ بہت ممکن ہے کہ تہران کبھی سبق نہیں سیکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ امریکی طیاروں نے ایرانی میزائل اور ڈرون ذخیرہ گاہوں اور ساحلی ریڈار سائٹس پر حملے کیے۔ صدر ٹرمپ نے لکھا کہ ایک وقت ایسا بھی آسکتا ہے جب ہمارے لئے مزید تحمل کا مظاہرہ کرنا ممکن نہ رہے اور ہمیں وہ فوجی کارروائی مکمل کرنی پڑے جس کا ہم نے کامیابی سے آغاز کیا تھا اور اگر ایسا ہوا تو ایران کا وجود باقی نہیں رہے گا۔ دوسری جانب امریکی حملوں کے بعد کے گھنٹوں میں کویت اور بحرین دونوں نے اطلاع دی کہ ان کے فضائی دفاعی نظام فعال کر دیئے گئے ہیں۔ کویتی مسلح افواج نے ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ کویت کی فضائی دفاعی نظام اس وقت دشمن کے میزائل اور ڈرون حملوں کا مقابلہ کر رہے ہیں اور عوام سے سکیورٹی ہدایات پر عمل کرنے کی اپیل کی۔ بحرین کی وزارت داخلہ نے شہریوں سے کہا کہ وہ پرسکون رہیں اور قریبی محفوظ مقامات کا رخ کریں۔ ادھر پاناما کے پرچم بردار جہاز پر حملے کے جواب میں ایران پر تازہ ترین امریکی کارروائی کے بعد پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ اس خطے میں امریکہ کے آٹھ فوجی اڈوں پر میزائلوں اور ڈرونز کے ذریعے حملے کیے ہیں۔ ایران کے سرکاری میڈیا ادارے پریس ٹی وی کے مطابق پاسداران انقلاب نے اپنی کارروائیوں کو ایرانی سرزمین کے خلاف امریکی جارحیت کی روعمل میں فیصلہ کن جواب قرار دیا ہے۔ پاسداران انقلاب کا اپنے ایک بیان میں کہنا تھا کہ اس کی بحریہ اور فضائیہ نے مشترکہ طور پر یہ کارروائیاں اتوار کو مقامی وقت کے مطابق رات 2:00 بجے سے 3:00 بجے کے درمیان کی ہیں، جس میں آٹھ اہم امریکی فوجی تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا، جن میں کویت میں علی السالم ایئر بیس اور بحرین میں سلمان پورٹ پر قائم امریکی پانچویں بحری بیڑے کا ہیڈکوارٹر شامل ہیں۔ پاسداران انقلاب کی بحریہ نے امریکا کے ساتھ بڑھتی ہوئی کشیدگی کے دوران سخت بیان جاری کرتے ہوئے خطے میں موجود امریکی فوجی اڈوں کو سنگین نتائج سے خبردار کیا ہے۔ آئی آر جی سی بحریہ کے کمانڈ نے اپنے بیان میں کہا کہ ایران کے جنوبی شہر بیرک پر امریکی حملہ آبنائے ہرمز پر ایران کی برتری کو ختم نہیں کرسکتا۔ بیان میں کہا گیا کہ ایران کی جانب سے قواعد کی خلاف ورزی کرنے والے بحری جہازوں پر فائرنگ کا مقصد دیگر جہازوں کو یہ یاد دلانا ہے کہ آبنائے ہرمز سے گزرنے کے لیے واضح اور مقررہ راستے پر عمل کرنا ضروری ہے۔ پاسداران انقلاب کی بحریہ نے مزید کہا کہ خطے میں موجود امریکی فوجی اڈوں کا معاملہ الگ ہے اور وہ آنے والے دنوں میں جہنم کا سامنا کریں گے۔ دریں اثنا ایرانی وزارت خارجہ نے امریکی حملوں کی مذمت کرتے ہوئے اسے مفاہمتی یادداشت کی خلاف کھلی خلاف ورزی قرار دیا۔ ایرانی وزارت خارجہ نے اپنے بیان میں کہا امریکا نے جنوبی ساحل پر کچھ تنصیبات پر حملے کیے، امریکی حملے مفاہمتی یادداشت میں طیشدہ جنگ بندی کی خلاف ورزی ہیں، حملے ظاہر کرتے ہیں کہ امریکا اپنی وعدوں کو اہمیت نہیں دیتا۔ ایرانی وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ وعدہ خلافی امریکی حکومت کی فطرت میں شامل ہے، ایران اپنی قومی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کا ہر قیمت پر دفاع کرے گا، امریکا کی کسی بھی جارحیت کو بھرپور جواب دیا جائے گا۔

بقیہ 6

احترام الحق کہدائی، ڈسٹرکٹ نیوٹریشن کوآرڈینیٹر اصغر علی، حمایت اللہ دوستین، ڈی ایس او خاران نازنین مینگل، ایل ایچ ایس گل پل اور ایل ایچ ایس گل جان سمیت محکمہ صحت کے افسران، طبی عملے اور مختلف مکاتب فکر کے لوگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ بچوں کی پرورش صرف خوراک فراہم کرنے تک محدود نہیں بلکہ محبت، توجہ، متوازن غذائیت، معیاری تعلیم، بہتر صحت، کھیل کود، تحفظ اور بہترین اخلاقی تربیت بھی ایک صحت مند اور کامیاب شخصیت کی تشکیل کے لیے نہایت ضروری ہیں۔ انہوں نے والدین پر زور دیا کہ اگر وہ ان تمام پہلوں پر یکساں توجہ دیں تو بچوں کی جسمانی، ذہنی اور جذباتی نشوونما بہتر انداز میں ہوتی ہے، جس سے وہ مستقبل میں معاشرے کے ذمہ دار، باصلاحیت اور مفید شہری بن کر ملک وقوم کی ترقی میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ مقررین کا کہنا تھا کہ بچوں کی ہمہ جہت نشوونما کے لیے گھر کا مثبت ماحول، والدین کی بھرپور توجہ اور متوازن غذائیت بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ تقریب کے دوران شرکا کو بچوں کی صحت، غذائیت، صفائی ستھرائی اور مثبت تربیت سے متعلق مفید معلومات اور عملی رہنمائی بھی فراہم کی گئی۔ تقریب کے اختتام پر نیوٹریشن آگاہی مہم کے سلسلے میں مرد وخواتین شرکا نے ایک واک کی، جس کا مقصد متوازن غذائیت، صحت مند طرز زندگی اور بچوں کی بہتر نشوونما کے حوالے سے عوام میں شعور بیدار کرنا تھا۔ واک کے شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ نیوٹریشن سے متعلق اس اہم آگاہی کو گھر گھر پہنچانے اور ایک صحت مند معاشرے کے قیام کے لیے اپنا فعال کردار ادا کرتے رہیں گے۔

بقیہ 7

اے ایس ایف میں اسلام آباد ایئرپورٹ پر تعینات تھے اور چھٹی پر اپنے گھر کوئٹہ آئے ہوئے تھے۔ پولیس حکام کے مطابق زبیر احمد دو روز قبل اپنے ایک دوست کے ہمراہ موٹر سائیکل پر گھر سے نکلے تھے، جس کے بعد دونوں لاپتا ہوگئے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق دونوں افراد کو مبینہ طور پر اغوا کیا گیا ہے۔ واقعے کے بعد مغوی انسپکٹر کے والد کی مدعیت میں مقتلہ تھانے میں مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی مختلف پہلوں سے تحقیقات جاری ہیں، جبکہ مغویوں کی بازیابی کے لیے سرچ آپریشن اور دیگر قانونی کارروائیاں بھی عمل میں لائی جارہی ہیں۔ پولیس نے بتایا کہ واقعے کی مزید تحقیق جاری ہے اور شواہد کی روشنی میں ذمہ دار عناصر تک پہنچنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

بقیہ 8

کا لعدم ایکشن کمیٹی کے مرکزی کارکن نیلم گیلانی نے بھی لاتعلقی کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ کالعدم جوائنٹ ایکشن کمیٹی عوامی حقوق کے مشن سے پیچھے ہٹ چکی ہے۔ میں کسی ایسی تحریک کا حصہ نہیں رہ سکتا جو ملک دشمن عناصر کی ایجنڈا پر کاربند ہے، نیلم سے تعلق رکھنے والے کالعدم ایکشن کمیٹی کے رکن خواجہ انیس نے ویڈیو پیغام میں کہا کہ عوامی حقوق کے نام پر شروع ہونے والی تحریک نے ریاست اور اداروں کیخلاف اپنی حدود پار کردی ہیں۔ خواجہ انیس نے کہا کہ پاکستان اور ریاستی اداروں کیخلاف کسی بھی قسم کا بیان ناقابل برداشت ہے، میں کشمیری نوجوانوں سے اس کالعدم کمیٹی سے دور رہنے کی اپیل کرتا ہوں۔ میں واضح طور پر ملک دشمن کالعدم جوائنٹ ایکشن کمیٹی سے علیحدگی کا اعلان کرتا ہوں۔

بقیہ 9

کہا کہ ہماری سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردی کے خاتمے اور ملک میں امن کے قیام کے لیے بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں، اور پوری قوم ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے حملے میں شہید ہونے والوں کے درجات کی بلندی، زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا کی۔ انہوں نے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس مشکل گھڑی میں پوری قوم غمزدہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمہ اور پاکستان کے امن وسلامتی کے تحفظ

بقیہ 10

کم دسمبر اور انتظامی نگرانی کی سنگین خامیوں کے باعث قومی خزانے پر سینکڑوں ارب روپے کے اضافی مالی بوجھ کا خدشہ ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ منصوبوں کی لاگت میں غیر معمولی اضافہ، طویل تاخیر اور کمزور عملدرآمد کے باعث قومی وسائل پر شدید دباؤ پڑا ہے جبکہ صرف 2024-26 کے دوران 358 ارب روپے سے زائد کا براہ راست مالی نقصان برداشت کرنا پڑا۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ داسو ہائیڈرو پاور منصوبے کی لاگت ابتدائی تخمینے کے مقابلے میں 257 فیصد تک بڑھ چکی ہے۔ اسی طرح دیامر بھاشا ڈیم میں زمین کے حصول، متاثرین کی آبادکاری اور بجلی پیدا کرنے کے منصوبے مالی اور انتظامی رکاوٹوں کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ ڈیم کی تعمیر جاری ہے، تاہم بجلی پیدا کرنے کے منصوبے کی تکمیل کے لیے مزید 1,424 ارب روپے درکار ہیں، جس سے مجموعی لاگت میں نمایاں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ نیلم جہلم ہائیڈرو پاور منصوبہ سرنگوں کے انہدام، پلانٹ کی بندش، انشورنس کلیمز اور ٹیرف کی منظوری میں تاخیر کے باعث مسلسل مالی خسارے کا شکار ہے، جس کے نتیجے میں بجلی کی پیداوار اور منصوبے کا مالی استحکام دونوں شدید متاثر ہوئے ہیں۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار نے کہا کہ متعدد بے ضابطگیاں، غیر مجاز ادائیگیاں، بار بار ڈیزائن میں تبدیلیاں، کمزور لاگت کنٹرول اور منصوبہ بندی میں خامیاں اس بحران کی بنیادی وجوہات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت نے منصوبوں کی نگرانی، شفافیت اور احتساب کے نظام کو مؤثر نہ بنایا تو قومی ترقی کے یہ اہم منصوبے معیشت پر مزید مالی بوجھ کا باعث بن سکتے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ بڑے انفراسٹرکچر منصوبوں میں بہتر منصوبہ بندی، بروقت فیصلے، مؤثر نگرانی اور سخت مالی نظم وضبط کو قومی ترجیح بنایا جائے تاکہ عوامی وسائل کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے اور قومی سرمایہ کاری سے زیادہ سے زیادہ معاشی فوائد حاصل ہوں۔

بقیہ 11

کے سامنے ان کے والد کو گولی مار کر شہید کرنا کہاں کی جرات مندی اور بہادری ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ مہمانوں کو اس طرح بزدلانہ کارروائیوں کا نشانہ بنانا بلوچستان کی غیرت مندانہ اور مہمان نواز روایات کے سراسر منافی ہے۔ وزیر داخلہ بلوچستان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ شہریوں کے جان ومال کے تحفظ پر حکومت کی جانب سے کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور اس وحشیانہ فعل میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لاکر عبرتناک سزا دی جائے گی۔ میر ضیاء اللہ لانگو نے متاثرہ خاندان کے ساتھ گہرے دکھ اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے یقین دلایا کہ حکومت کی جانب سے متاثرہ فیملی کو ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ واقعے میں زخمی ہونے والی خاتون کو کراچی میں بہترین طبی علاج معالجہ فراہم کیا جارہا ہے اور حکومت ان کی جلد صحت یابی کے لیے تمام ضروری اقدامات کی نگرانی کررہی ہے۔

بقیہ 12

جن میں خواتین، بچے اور بزرگ شامل تھے۔ مریضوں کو مفت ادویات بھی فراہم کی گئیں، جبکہ مختلف بیماریوں سے بچاؤ اور صحت مند طرز زندگی سے متعلق ضروری طبی رہنمائی بھی دی گئی۔ اہل علاقہ نے ایف سی بلوچستان والجہد ین رائلز کی اس عوام دوست اور انسانیت نواز کاوش کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ آئندہ بھی ایسے فلاحی اور طبی کیمپوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا تاکہ دور دراز علاقوں کے عوام کو بہتر طبی سہولیات میسر آسکیں۔

بقیہ 13

ہوئے کہا ہے کہ سیکورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کو اپنے منطقی انجام تک پہنچایا، دہشت گرد حملے میں شہید ہونے والے رینجرز اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں قوم اپنے بہادر محافظوں کی قربانیوں کو کبھی بھی فراموش نہیں کرے گی۔ مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رابطہ آفس سے جاری ہونے والے ایک بیان میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ کراچی میں رینجرز کیمپ پر دہشتگردانہ حملہ ملک دشمن عناصر کی مذموم سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے دہشتگرد حملہ ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا اور حملہ کے نتیجے میں رینجرز کے اہلکاروں کی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہدا نے دہشت گردوں کا جوانمردی اور بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے شہادت کا عظیم رتبہ حاصل کیا اور اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرکے ایک بڑے سانحے اور ممکنہ تباہی کو روکا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے جان ومال کے تحفظ اور ملک کے سرحدوں کی حفاظت کیلئے اپنی جانوں کی قربانیاں دینے والے شہدا ہمارے قومی ہیرو ہیں جن کی قربانیوں کو ہمیشہ سنہرے حروف میں یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایسے بزدلانہ حملے سیکیورٹی فورسز کے حوصلے متزلزل نہیں کرسکتے بلکہ دہشت گردی کے خلاف قومی عزم کو مزید مضبوط کرتے پاکستان کی سیکیورٹی فورسز ہر قسم کے خطرات سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں اور دشمن کے ناپاک عزائم ہمیشہ ناکام بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے اور ملک میں امن واستحکام کے قیام کے لیے مشترکہ جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔ انہوں نے دہشت گردوں کے حملے میں شہید ہونے والے رینجر کے اہلکاروں کے اہل خانہ سے تعزیت اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی۔

بقیہ 14

نے نقطہ کرتے ہوئے کہا کہ کم اور دکھ کی اس مشکل گھڑی میں حکومت لواحقین کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کے ساتھ مکمل تعاون کیا جائے گا۔ وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے واضح کیا کہ واقعے میں ملوث عناصر قانون کی گرفت سے بچ نہیں سکتے، انہوں نے ملوث افراد کی فوری گرفتاری کے لیے احکامات اور ہدایات جاری کردی ہیں۔

بقیہ 15

کے نتیجے میں خاندان کے سربراہ موقع پر ہی شہید ہوگئے۔ خاتون شدید زخمی ہوئیں، جبکہ دو معصوم بچے معجزانہ طور پر محفوظ رہے۔ دہشت گرد معصوم پاکستانی شہریوں اور دیگر سافٹ ٹارگٹس کو جان بوجھ کر نشانہ بناتے ہیں۔ دستیاب اطلاعات کے مطابق اس حملے میں بی ایل اے کے دہشت گرد ملوث تھے۔ سیوبائی حکومت نے فوری طور پر شہید کی میت اور زخمی خاتون کو کراچی منتقل کرنے کے انتظامات کیے، جہاں خاتون کو طبی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ ہم ان دہشت گردوں کو قانون کے کٹہرے میں لانے کے لیے پرعزم ہیں اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے اپنی تمام تر کوششیں جاری رکھیں گے تاکہ اس گھناؤنے جرم کے ذمہ دار عناصر اپنے انجام تک پہنچ سکیں میں ان مکنیوں سے بھی سوال کرنا چاہوں گا جو انسانی حقوق کے نام پر آواز بلند کرتی ہیں: کیا یہ معصوم بچے اپنے والد کی محبت، شفقت اور سرپرستی کے حق دار نہیں تھے؟ اس سفاکانہ دہشت گرد حملے نے ان سے ان کے والد کا سایہ ہمیشہ کے لیے چھین لیا۔ دہشتگردوں بی ایل اے کی سہولت کار ماہرنگ لانگو کی سزا پر مگرمچھ کے آنسو بہانے والے بتائیں یہ بچے ساری زندگی باپ کی شفقت سے محروم رہیں گے ان کا کیا قصور تھا؟

بقیہ 16

انسانیت سوز تیزاب گردی کے واقعے کو 21 دن گزر جانے کے باوجود حکومت بلوچستان کی جانب سے نہ تو ملزمان کو منطقی انجام تک پہنچایا گیا ہے اور نہ

ہی ہمارے جائز مطالبات پر کوئی سنجیدہ پیش رفت کی گئی ہے۔ افسوسناک امر یہ ہے کہ حکومت کی بے حسی اور غیر سنجیدگی کے باعث ڈاکٹر برادری آج بھی سراپا احتجاج ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ چگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن اور پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کوئٹہ برانچ کی جانب سے جاری دھرنے کے باعث پورے صوبے میں او پی ڈیز کی خدمات احتجاجاً معطل ہیں، تاہم مریضوں کے مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے ایمرجنسی، انڈور، وارڈز، آپریشن تھیٹرز، ڈائیلاسز اور دیگر ضروری طبی خدمات حسب معمول جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کوئٹہ برانچ کی جانب سے جاری دھرنے کے باعث ڈاکٹر برادری کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں قوم اپنے بہادر محافظوں کی قربانیوں کو کبھی بھی فراموش نہیں کرے گی۔ مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رابطہ آفس سے جاری ہونے والے ایک بیان میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ کراچی میں رینجرز کیمپ پر دہشتگردانہ حملہ ملک دشمن عناصر کی مذموم سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے دہشتگرد حملہ ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا اور حملہ کے نتیجے میں رینجرز کے اہلکاروں کی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہدا نے دہشت گردوں کا جوانمردی اور بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے شہادت کا عظیم رتبہ حاصل کیا اور اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرکے ایک بڑے سانحے اور ممکنہ تباہی کو روکا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے جان ومال کے تحفظ اور ملک کے سرحدوں کی حفاظت کیلئے اپنی جانوں کی قربانیاں دینے والے شہدا ہمارے قومی ہیرو ہیں جن کی قربانیوں کو ہمیشہ سنہرے حروف میں یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایسے بزدلانہ حملے سیکیورٹی فورسز کے حوصلے متزلزل نہیں کرسکتے بلکہ دہشت گردی کے خلاف قومی عزم کو مزید مضبوط کرتے پاکستان کی سیکیورٹی فورسز ہر قسم کے خطرات سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں اور دشمن کے ناپاک عزائم ہمیشہ ناکام بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے اور ملک میں امن واستحکام کے قیام کے لیے مشترکہ جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔ انہوں نے دہشت گردوں کے حملے میں شہید ہونے والے رینجر کے اہلکاروں کے اہل خانہ سے تعزیت اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی۔

بقیہ 17

قانونی تجارت میں اضافہ متوقع ہے۔ ایرانی نیوز ایجنسی ارنا کے مطابق تنگنان ایشین پرلوڈنگ، ان لوڈنگ، کسٹمز کلیئرنس اور درآمد و برآمد کی تمام سہولتیں فراہم کی جائیں گی۔ دونوں ممالک دوطرفہ تجارت کو 5 ارب ڈالر تک بڑھانے کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ 18

ہے کہ پاک۔ایران سرحد پر واقع 'جالگی بارڈر' کو بچ کے عوام کے روزگار کے لیے فوری طور پر کھولنے کا فیصلہ کرلیا گیا ہے اور اس حوالے سے ایرانی حکام کے ساتھ بات چیت میں انتہائی مثبت پیش رفت سامنے آئی ہے۔ ڈپٹی کمشنر یاسر اقبال دشتی نے صحافیوں کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ ضلع بچ میں بارڈر کے حوالے سے گزشتہ 16 سے 17 مہینوں سے شدید بے چینی کی صورتحال پیدا ہوچکی تھی، جس کی وجہ سے مقامی لوگوں کے معاشی حالات انتہائی کمزور ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ اس دوران بارڈر کے نمائندے، تاجر برادری اور صحافی حضرات بارہا میرے پاس آئے کہ عوام کو ریلیف دینے کے لیے کوئی پیش رفت کی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ضلع تمپ کے الگ ہونے کے بعد بچ کے پاس کوئی ایسا بارڈر پوائنٹ نہیں تھا جہاں سے عوام کو سہولت دی جاسکے کیونکہ اس سے پہلے صرف سوراب کراسنگ پوائنٹ چل رہا تھا۔ یاسر اقبال دشتی نے بتایا کہ بچ کے عوام کو بارڈر کی سہولت کی فراہمی کے لیے آئی جی ایف سی کے ساتھ میری متعدد میٹنگز ہوئیں، جس کے بعد ایرانی حکام سے رابطہ کیا گیا۔ خوش آئند بات یہ ہے کہ ایرانی سائیڈ نے ہمارے ساتھ اتفاق کیا ہے کہ جالگی بارڈر کو فوری طور پر بچ کے عوام کے لیے کھول دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت کچھ تیکنیکل معاملات پینڈنگ میں ہیں جو انشاء اللہ چند ہی دنوں میں طے پاجائیں گے، جس کے بعد جالگی بارڈر کو عام عوام کے لیے مکمل طور پر کھول دیا جائے گا جہاں لوگ جا کر اپنا روزگار اور کاروبار کرسکیں گے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ جب تک جالگی بارڈر پر تیکنیکل صورتحال مکمل طور پر واضح اور فعال نہیں ہو جاتی، تب تک کے لیے آئی جی ایف سی نے بچ کے عوام کو چیک بارڈر پر سہولیات فراہم کرنے کی حامی بھری ہے تاکہ عوام کا معاشی پہیہ چل سکے۔ انہوں نے طویل معاشی بدحالی کے باوجود امن وامان برقرار رکھنے پر مقام